آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

MEMBER OF APNS & CPNE

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز جمعہ 25 دسمبر 2020ء بمطابق 09 جمادی الاول 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 351

کوئٹہ مساجد با جماعت نماز کے اوقات

فجر	6:00
ظہر	1:45
عصر	4:00
مغرب	5:40
عشاء	07:00

اہل تشیع

فجر صبح	05:45
ظہرین	12:30
مغربین	6:15

وزیراعظم سے آرمی چیف کی ملاقات
ملکی سیکیورٹی کی صورتحال پر تبادلہ خیال

مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی مسلسل خلاف ورزیوں تشویش کا اظہار، ملک کی اندرونی و بیرونی سیکیورٹی کی صورتحال، پاک فوج سے متعلق پیشہ ورانہ امور پر تبادلہ خیال کیا گیا

اسلام آباد، لاہور، کراچی، پشاور اور کوئٹہ میں میپنگ کا عمل جاری ہے۔ اس کے علاوہ دیگر چھوٹے شہروں اور دیہی علاقوں کا ڈیٹا موصول ہو چکا ہے جس کو ڈیجیٹائز کیا جا رہا ہے

جنگلات، واپڈا، ریلوے، اوقاف اور دیگر سرکاری زمینوں کے حدود کا تعین ہو سکے گا ماسٹر پلاننگ کے لیے جدید اور بین الاقوامی معیار کے طریقہ کار کو اپنایا جائے، عمران خان کا اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان سے چیف آف آرمی سٹاف جنرل قمر جاوید باجوہ نے ملاقات کی، ملاقات میں مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی مسلسل خلاف ورزیوں تشویش کا اظہار کیا گیا۔ ترجمان وزیراعظم آفس کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ وزیراعظم عمران خان سے چیف آف آرمی سٹاف جنرل قمر جاوید باجوہ نے ملاقات کی۔ ملاقات میں مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی مسلسل خلاف ورزیوں پر تشویش کا اظہار کیا گیا۔ ملاقات میں ملک کی اندرونی و بیرونی سیکیورٹی کی صورتحال، پاک فوج سے متعلق پیشہ ورانہ امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وزیراعظم عمران خان سے آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ ملاقات کر رہے ہیں، ڈی جی آئی ایس آئی لیفٹیننٹ جنرل فیض حامد بھی موجود ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان: وفاق خود کبھی کوئی کام نہیں کرتا بلکہ کرانا پڑتا ہے

وزیراعظم عمران خان بلوچستان کی عوام کیلئے مثبت وژن رکھتے ہیں وفاق خود کبھی کوئی کام نہیں کرتا بلکہ کرانا پڑتا ہے، گوادر معاشی، دفاعی، سیاحتی اور اسٹریٹجک اہمیت کا حامل ہے

سابق وزرائے اعلیٰ صوبے میں کم اپنے حلقے پر زیادہ توجہ دی 2005ء کے بعد بلوچستان کی لاء اینڈ آرڈر کی مخدوش صورتحال پر سیاست کی گئی اور لوگوں کو لڑنے کیلئے اکسایا جا رہا تھا

سابقہ ادوار میں وفاق کی جانب سے ہمیشہ یہاں تختی لگائی جاتی تھی لیکن کام نہیں ہوتا تھا لیکن وزیراعظم عمران خان تختی لگانے کے ساتھ کام بھی کر رہے ہیں' جام کمال خان

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا ہے کہ وزیراعظم عمران خان بلوچستان کی عوام کیلئے مثبت وژن رکھتے ہیں وفاق خود کبھی کوئی کام نہیں کرتا بلکہ کرانا پڑتا ہے، گوادر معاشی، دفاعی، سیاحتی اور اسٹریٹجک اہمیت کا حامل ہے لیکن گوادر میں بجلی اور گیس کی فراہمی تک پورٹ کامیاب نہیں کیا جاسکتا، بلوچستان کے حوالے سے بہت زیادہ غفلت کا مظاہرہ کیا گیا ہے، سابقہ ادوار میں وفاق کی جانب سے ہمیشہ یہاں تختی لگائی جاتی تھی لیکن کام نہیں ہوتا تھا لیکن وزیراعظم عمران خان تختی لگانے کے ساتھ کام بھی کر رہے ہیں، سابق وزرائے اعلیٰ صوبے میں کم اپنے حلقے پر زیادہ توجہ دی 2005ء کے بعد بلوچستان کی لاء اینڈ آرڈر کی مخدوش صورتحال پر سیاست کی گئی اور لوگوں کو لڑنے کیلئے اکسایا جا رہا تھا بلوچستان کے قوم پرست بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

حکومت اقلیتی برادری کیلئے تمام تر اقدامات کر رہی ہے، بشریٰ رند

ہم سب انسان ہیں اور انسان ہونے کی حیثیت سے ہم سب کو برابری کے حقوق حاصل ہیں ہم سب کی یہ ذمہ داری ہے پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات

کوئٹہ (خ ن) پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات محترمہ بشریٰ رند نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ اقلیتی برادری پاکستان کی ترقی میں بھرپور کردار ادا کر رہی ہے۔ ہم سب انسان ہیں اور انسان ہونے کی حیثیت سے ہم سب کو برابری کے حقوق حاصل ہیں ہم سب کی یہ بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

ضلع آواران میں سیکورٹی فورسز کی کارروائی ایک دہشتگرد ہلاک دوسرا گرفتار جبکہ ایک سیکورٹی اہلکار شہید

کوئٹہ (این این آئی) ضلع آواران میں سیکورٹی فورسز کی کارروائی ایک دہشتگرد ہلاک دوسرا گرفتار جبکہ بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں ٹریفک حادثہ تین افراد زخمی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں ٹریفک حادثہ تین افراد زخمی۔ پولیس کے مطابق جمعرات کو کوئٹہ کے علاقے بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر عبدالقدوس بزنجو نے صوبائی اسمبلی کا ریکوزیشن اجلاس 31 دسمبر کو طلب کر لیا

کوئٹہ (این این آئی) اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر عبدالقدوس بزنجو نے صوبائی اسمبلی کا ریکوزیشن اجلاس بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

آواران لیویز کی کارروائی دو ملزمان گرفتار منشیات برآمد

کوئٹہ (این این آئی) آواران میں لیویز کی کارروائی دو ملزمان گرفتار منشیات برآمد تفصیلات کے بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

ایچ ای سی نے حکومت سے 62 ہزار طلباء کی فیس ادائیگی کیلئے ایک ارب 13 کروڑ روپے مانگ لئے

اسلام آباد (این این آئی) کم ترقی یافتہ علاقوں کے طلباء کی اعلیٰ تعلیمی فیس ادائیگی کا معاملہ، ایچ ای سی بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

آصف علی زرداری کا مولانا فضل الرحمن کو ٹیلیفون، گڑھی خدا بخش جلسے میں شرکت کی دعوت

اسلام آباد (این این آئی) سابق صدر مملکت آصف علی زرداری نے جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

اسٹیٹ بینک کے روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ میں رقوم 200 ملین ڈالر سے تجاوز کر گئیں

اسلام آباد (این این آئی) اسٹیٹ بینک کے روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ میں رقوم 200 ملین ڈالر سے تجاوز بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

کم قیمت پر کورونا ویکسین جلد مہیا کرنا ہمارا ٹارگٹ ہے، وفاقی وزیر فواد چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے سائنس اینڈ ٹیکنالوجی فواد چوہدری نے کہا ہے کہ کورونا بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

پاکستان، افغانستان اور ازبکستان کے درمیان ہائی اسپیڈ ٹرین کا جلد معاہدہ ہوگا، اعظم سواتی

اگلے دو سے تین روز میں پاکستان، افغانستان اور ازبکستان کے درمیان ہائی اسپیڈ مسافر اور کارگو ٹرین کے منصوبے کے معاہدے کو حتمی شکل دی جائے گی: وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے اعظم خان سواتی نے کہا ہے کہ وزیراعظم عمران خان پاکستان، افغانستان اور ازبکستان کے درمیان ہائی اسپیڈ مسافر اور کارگو ٹرین شروع کرنے کے منصوبے کے معاہدے پر جلد دستخط کریں گے۔ ایک انٹرویو میں اعظم بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

ڈس انفو لیب نے بھارتی جھوٹ کے کاروبار کا پول کھولا، وزیر اطلاعات

آف کام کا نوٹس بھارت کی عالمی سطح پر رسوائی کا مظہر ہے، سینیٹر شبلی فراز کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ ڈس انفو لیب نے بھارتی جھوٹ کے کاروبار کا پول کھولا۔ ٹوئٹر پر اپنے بیان میں وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ برطانوی ریگولیٹر آف کام نے بھارتی چینل ری پبلک ٹی وی کے پاکستان کے بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: صدر مملکت عارف علوی سے کوریا کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

حضرت عیسیٰ کے یوم پیدائش کی مناسبت سے منایا جانے والا یہ دن مسلمانوں کے لئے بھی مبارک ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کرسمس کے موقع پر مسیحی برادری کو دلی مبارکباد پیش کی ہے، اپنے ایک تہنیتی پیغام میں وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ حضرت عیسیٰ کے یوم پیدائش کی مناسبت سے منایا جانے والا یہ دن مسلمانوں کے لئے بھی مبارک ہے اور مسلمان بھی مسیحی برادری کی خوشیوں میں برابر کے شریک ہیں، بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

آج کا دن برصغیر پاک و ہند کی تاریخ میں انتہائی اہمیت کا حامل ہے کیونکہ یہ دن اس عظیم شخصیت کا یوم پیدائش ہے، گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی نے بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے یوم پیدائش کے موقع پر اپنے ایک پیغام میں کہا کہ آج کا دن برصغیر پاک و ہند کی تاریخ میں انتہائی اہمیت کا حامل ہے کیونکہ یہ دن اس عظیم شخصیت کا یوم پیدائش ہے جس نے اپنی بے مثال بصیرت، ذہانت اور قائدانہ صلاحیتوں بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی "گورنر یوتھ پروگرام" کے حوالے سے منعقدہ افتتاحی تقریب کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

یکم جنوری سے پاسپورٹ کی مدت 10 سال ہوگی، شیخ رشید احمد

6 ماہ پہلے پاسپورٹ کی مدت ختم ہونے سے پہلے میسج آئے گا، مولانا فضل الرحمن فسادی کی جڑ ہیں، ان سے سیکیورٹی واپس نہیں لی جا رہی ہے

پی ڈی ایم اگر آتی ہے تو تیاری ہم بھی کر رہی ہیں، پی ڈی ایم سینیٹ الیکشن میں حصہ لے گی، ایم کیو ایم ہماری اتحادی ہے، ناراض نہیں ہوگی، وزیر داخلہ کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ یکم جنوری سے پاسپورٹ کی مدت 10 سال ہوگی، پاسپورٹ ایس ایم ایس سروس شروع کی جا رہی ہے، 6 ماہ پہلے پاسپورٹ کی مدت ختم ہونے سے پہلے میسج آئے گا، مولانا فضل الرحمن فسادی کی جڑ ہیں، ان سے سیکیورٹی واپس نہیں لی جا رہی ہے، پی ڈی ایم اگر آتی ہے تو تیاری ہم بھی کر رہی ہوگی، پی ڈی ایم سینیٹ الیکشن میں حصہ لیں گے، ایم کیو ایم ہماری اتحادی ہے، ناراض نہیں ہوگی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

برطانیہ نے نواز شریف کی ڈی پورٹیشن کا ابھی فیصلہ کرنا ہے، شہزاد اکبر

سلیم مانڈوی والا سمیت سینیٹ کے تمام ارکان قابل احترام ہیں، پارلیمنٹ میں قانون سازی کرتی ہے، قانون درست نہیں تو ترمیم کر لیں، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان کے مشیر برائے داخلہ و احتساب شہزاد اکبر نے کہا ہے کہ نواز شریف کی ڈی پورٹیشن کا برطانیہ سے کہا ہے اور برطانیہ نے اس حوالے سے ابھی فیصلہ کرنا ہے۔ جمعرات کو اسلام آباد ہائیکورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

ریکوڈک کیس: پاکستانی اداروں کے اثاثے منجمد کرنے کی کارروائی شروع

برٹش ورجن آئی لینڈ ہائیکورٹ نے ٹیتھیان کاپر کمپنی کی درخواست پر عبوری حکم جاری کر دیا، عبوری حکم کے تحت پاکستانی اداروں کے اثاثے منجمد کرنے کا حکم امتناع پاکستان کو سنے بغیر جاری کیا

اٹارنی جنرل آفس کے مطابق حکم امتناع برٹش ورجن آئی لینڈ ہائی کورٹ نے 16 دسمبر 2020 کو جاری کیا، حکومت پاکستان، پاکستان کے مفادات کا دفاع کرے گی

کوئٹہ (آن لائن) ریکوڈک کیس میں پاکستانی اداروں کے اثاثے منجمد کرنے کی کارروائی شروع کر دی گئی۔ جیو نیوز کے مطابق برٹش ورجن آئی لینڈ ہائیکورٹ نے ٹیتھیان کاپر کمپنی کی درخواست پر عبوری حکم جاری کر دیا، عبوری حکم کے تحت پاکستانی اداروں کے اثاثے منجمد کرنے کا حکم امتناع پاکستان کو سنے بغیر جاری کیا۔ اٹارنی جنرل آفس کے مطابق حکم امتناع برٹش ورجن آئی لینڈ ہائی کورٹ نے 16 دسمبر 2020 کو جاری کیا، حکومت پاکستان، پاکستان کے مفادات کا دفاع کرے گی۔ پاکستان نے 928 ارب روپے جرمانے کے خلاف انٹرنیشنل سینٹر فار سیٹلمنٹ آف انویسٹمنٹ بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

اوپن بیلٹ سسٹم سے انتخابی نظام میں شفافیت آئے گی، لیاقت شاہوانی

ڈیموکریٹک موومنٹ کی بات کرنے والے کی اپنی پارٹی بکھر رہی ہے، اپوزیشن جماعتوں کی غیر سنجیدگی سے ملک بھر میں کورونا وائرس پھیل رہا ہے

سینیٹ انتخابات سے متعلق شو آف ہینڈ کے صدارتی آرڈیننس کی مکمل حمایت کرتی ہے، اوپن بیلٹ سسٹم سے انتخابی نظام میں شفافیت آئے گی ترجمان حکومت بلوچستان

کوئٹہ (آن لائن) حکومت بلوچستان کے ترجمان لیاقت شاہوانی نے کہا ہے کہ ڈیموکریٹک موومنٹ کی بات کرنے والے کی اپنی پارٹی بکھر رہی ہے، سینیٹ انتخابات سے متعلق شو آف ہینڈ کے صدارتی آرڈیننس کی مکمل حمایت کرتی ہے، اوپن بیلٹ سسٹم سے انتخابی نظام میں شفافیت آئے گی، پی ڈی ایم میں شامل جماعتیں استعفیٰ دے سکتی ہے اور نا ہی لے سکتی ہے اپوزیشن جماعتوں کی غیر سنجیدگی سے ملک بھر میں کورونا وائرس پھیل رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز آفیسرز کلب میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ لیاقت شاہوانی نے کہا کہ ایس او پیز پر عملدرآمد سے ہی بلوچستان میں کورونا وائرس کے کیسز میں بتدریج کمی آئی ہے، کورونا وائرس کے کیسز میں کمی ایس او پیز کی پاسداری ہے، بدقسمتی سے اپوزیشن غیر سنجیدگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے جلسے جلوس کر رہی ہے، اپوزیشن سے درخواست ہے کہ کورونا کے بعد جلسے کریں، انہوں نے پی ڈی ایم پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ پی ڈی بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

اسرائیل تسلیم کرنے کا متحدہ عرب امارات کے ویزہ معاملہ سے کوئی تعلق نہیں، ترجمان دفتر خارجہ

پاکستان اور روس کے تعلقات دونوں ممالک کے عالمی مفادات، علاقائی امن و استحکام کے تناظر میں ہیں، زاہد حفیظ چوہدری کی ہفتہ وار بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ زاہد حفیظ چوہدری نے ایک بار پھر واضح کیا ہے کہ اسرائیل کو تسلیم نہیں کریں گے، اسرائیل تسلیم کرنے کا متحدہ عرب امارات کے ویزہ معاملہ سے کوئی تعلق نہیں، بھارت کو روسی سفارت کاری کی نصیحت کو سمجھنا چاہیے، پاکستان اور روس کے تعلقات دونوں ممالک کے عالمی مفادات، علاقائی امن و استحکام کے تناظر میں ہیں۔ صحافیوں کو ہفتہ وار بریفنگ دیتے ہوئے ترجمان دفتر خارجہ زاہد حفیظ چوہدری نے کہا کہ اسرائیل کو تسلیم نہ کرنے کے حوالے سے دفتر خارجہ کا موقف واضح ہے، ہم نے بارہا اپنے موقف کو واضح کیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر خارجہ کا متحدہ بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے نوجوانوں کو کبھی بھی بے یار و مددگار تنہا نہیں چھوڑیں گے، گورنر بلوچستان

پروگرام کا اصل مقصد دور افتادہ اضلاع کے نوجوانوں کو جدید مہارتیں سکھانے اور کیریئر کے انتخاب کے حوالے سے ان کو کری رہنمائی کے مواقعوں تک رسائی حاصل کرنے میں مدد و رہنمائی فراہم کرنا ہے

گورنرز یوتھ پروگرام کے اجراء سے صوبے کے چھ مختلف اضلاع میں ہنرمند نوجوان اپنے خوابوں کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کی راہ ہموار کر سکیں گے، امان اللہ خان یاسین زئی

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی نے کہا ہے کہ گورنرز یوتھ پروگرام کے اجراء سے صوبے کے چھ مختلف اضلاع میں ہنرمند نوجوان اپنے خوابوں کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کی راہ ہموار کر سکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اس پروگرام کا اصل مقصد دور افتادہ اضلاع کے نوجوانوں کو جدید مہارتیں سکھانے اور کیریئر کے انتخاب کے حوالے سے ان کو کری رہنمائی کے مواقعوں تک رسائی حاصل کرنے میں مدد و رہنمائی فراہم کرنا ہے۔ پروگرام کو مختلف اضلاع میں موجود سرکاری یونیورسٹیوں کے کیمپسز سے منسلک کرنا لائق تحسین اقدام ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کے روز گورنر ہاؤس کوئٹہ میں انڈس ہاسپٹل لینڈز کے زیر اہتمام "گورنرز یوتھ پروگرام" کی افتتاحی تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ گورنرز یوتھ پروگرام کی افتتاحی تقریب کے موقع پر وفاقی وزیر زبیدہ جلال، سینیٹر انوار الحق کاکڑ، سرکاری یونیورسٹیوں کے وائس چانسلرز صاحبان، سابق سینیٹر نوابزادہ سیف بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف اضلاع میں ہفتہ اور اتوار کو بارش اور پہاڑوں پر برفباری کی توقع محکمہ موسمیات

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف اضلاع میں ہفتہ اور اتوار کو بارش اور پہاڑوں پر برفباری کی توقع ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق مغربی ہواؤں کا سلسلہ ہفتے کی رات کو ملک کے مغربی علاقوں میں داخل ہوگا جو اتوار کو بلوچستان میں بھی پھیلے گا اس دوران ہفتہ کی شام سے اتوار کے دوران کوئٹہ، ژوب، بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

غیر سیاسی قوتیں ملک کو درپیش بحرانوں، واقعات کی ذمہ دار ہیں، لشکری رئیسانی

ان کی سیاست میں مداخلت سے ملک میں ایک بہت بڑے ٹکراؤ کے خدشات سامنے آرہے ہیں

مسائل پارلیمنٹ کے اندر حل ہونے دیئے جاتے تو ڈھاکہ کا سانحہ پیش نہ آتا' مرکزی رہنما بی این پی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ غیر سیاسی قوتیں ملک کو درپیش بحرانوں، واقعات کی ذمہ دار ہیں، ان کی سیاست میں مداخلت سے ملک میں ایک بہت بڑے ٹکراؤ کے خدشات سامنے آرہے ہیں، مسائل پارلیمنٹ کے اندر حل ہونے دیئے جاتے تو ڈھاکہ کا سانحہ پیش نہ آتا۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کے روز سراوان ہاؤس میں کوئٹہ کے ملاقاتی معتبرین سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ اس بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

چیئرمین سینیٹ سے چینی سفیر کی ملاقات، باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال

دونوں ملکوں کے مابین ادارہ جاتی معاونت کو مزید مستحکم بنانے کی ضرورت ہے، صادق سنجرانی

عوامی سطح پر دوطرفہ روابط کو مزید استحکام دینے سے دیرینہ شراکت داری مزید مضبوط ہوگی، چیئرمین سینیٹ

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی سے چین کے سفیر نونگ رونگ کی پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات کی جس میں دوطرفہ تعلقات اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ پاکستان اور چین کے مابین دیرینہ تعلقات کی معاشی اور سماجی ترقی کیلئے نئے عہد میں داخل ہو گئے ہیں۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ پاکستان چین کے ساتھ اپنی بے مثال دوستی پر فخر کرتا ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ پارلیمانی وفود کے تبادلوں سے باہمی تعلقات بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

ضلع سبی میں پانچ روزہ پولیو مہم 11 جنوری سے 15 جنوری تک جاری رہے گی، ڈپٹی کمشنر سبی ڈاکٹر محمد یاسر بازئی

سبی (خ ن) ڈپٹی کمشنر سبی ڈاکٹر محمد یاسر بازئی نے کہا کہ ضلع سبی میں پانچ روزہ پولیو مہم 11 جنوری سے 15 جنوری تک جاری رہے گی پانچ روزہ پولیو مہم ایس او پیز کے تحت کیا جائے گا ضلع بھر میں 45 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائیں جائیں گے، پولیو مہم کے دوران پولیو ٹیموں کو اے ایریا میں بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد سے ڈاکٹر فردوس عاشق اعوان ملاقات کر رہی ہیں

پاکستان کو خطے کا عظیم ملک بنانا قائداعظم کا خواب تھا' فرمان زرکون

اس خواب کی تکمیل کیلئے حکومت بلوچستان اور بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ پر عزم ہیں، بی ایس آئی بی

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے چیف ایگزیکٹو فرمان زرکون نے قائداعظم محمد علی جناح کے یوم پیدائش پر پوری قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کو خطے کا عظیم ملک بنانا قائداعظم کا خواب تھا اور اس خواب کی تکمیل کیلئے حکومت بلوچستان اور بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ پر عزم ہیں، یوم قائد پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ قائداعظم محمد علی جناح میں عظمت، قابلیت اور نیک نامی کی ساری خوبیاں موجود تھیں انکی ولولہ انگیز قیادت میں پاکستان کا قیام ممکن ہوا بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

گوادر باڑ، اختر مینگل کا بلوچستان ہائیکورٹ میں چیلنج کرنے کا فیصلہ

کونسل ساجد ترین ایڈووکیٹ کے ہمراہ خود عدالت میں پیش ہونے کا بھی فیصلہ کیا ہے

صدارتی آرڈیننس کو بلوچستان ہائی کورٹ میں چیلنج کرنے کا فیصلہ کرلیا' بلوچستان نیشنل پارٹی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل نے بلوچستان ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے سابق صدر ساجد ترین ایڈووکیٹ کی توسط سے گوادر باڑ اور جزائر کو مرکز کے ماتحت لانے کے صدارتی آرڈیننس کو بلوچستان ہائی کورٹ میں چیلنج کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ بی این پی کے مرکزی صدر سردار اختر جان مینگل نے ساجد ترین ایڈووکیٹ کی توسط سے گوادر میں اور گرد باڑ لگانے اور صدارتی آرڈیننس کے ذریعے بلوچستان کے جزائر کو مرکز کے ماتحت لانے کے آرڈیننس کے خلاف بلوچستان ہائی کورٹ سے رجوع کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے اس سلسلے میں مشاورت کے بعد ساجد ترین ایڈووکیٹ بلوچستان ہائی کورٹ میں آئینی درخواست دائر کریں گے۔ ذرائع کے مطابق سردار اختر جان مینگل نے اپنے کونسل ساجد ترین ایڈووکیٹ کے بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

چینی سفیر کی احسن اقبال سے ملاقات، باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال

سی پیک کے حوالے سے مسلم لیگ (ن) کے تجربے اور صلاحیت کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، چینی سفیر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں چین کے سفیر نونگ رانگ نے پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سیکرٹری جنرل احسن اقبال کی رہائش گاہ پر ان سے ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی اور مرکزی ترجمان اورنگزیب بھی موجود تھیں۔ چین کے سفیر نے پاکستان مسلم لیگ (ن) کی قیادت کے لئے نیک تمناؤں اور خیر سگالی کا پیغام پہنچایا، چین کے سفیر نے مسلم لیگ (ن) کے دور میں سی پیک اور پاک چین بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

نصیر آباد پولیس کی کارروائی موٹر سائیکل چوروں کے گینگ کے اہم کارندے گرفتار، چوری شدہ تین موٹر سائیکلیں برآمد

نصیر آباد (این این آئی) ڈپٹی انسپکٹر جنرل نصیر آباد شہاب عظیم لہڑی، ایس ایس پی نصیر آباد عبدالحئی عامر بلوچ کی ہدایت پر منشیات فروشوں موٹر سائیکل چوروں جرائم پیشہ افراد کے خلاف ایس ڈی پی او ملک غازی عبدالغفار سیلاچی کی نگرانی میں ایس ایچ او سٹی سکندر سعید عمرانی بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

محکمہ کے بہتری کیلئے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی جائے گی' صالح محمد ناصر

واسا کو ایک بہتر ادارہ بنانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جائے گے' سیکرٹری پی ایچ ای

کوئٹہ (خ ن) محکمہ کے بہتری کیلئے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی جائے گی۔ ان خیالات کا اظہار سیکرٹری پی ایچ ای صالح محمد ناصر نے محکمہ واسا کے ہیڈ آفس کے دورے کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا جبکہ ایم ڈی واسا جہانزیب خان نے محکمہ واسا کے بارے میں بریفنگ دی اس موقع پر سیکرٹری پی ایچ ای صالح محمد ناصر نے کہا کہ واسا کو ایک بہتر ادارہ بنانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جائے گے۔ دوسری جانب سیکرٹری پی ایچ ای نے واسا افسران پر زور دیا کہ وہ محکمہ کے بہتری کے بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

کرسمس کا تہوار عالم انسانیت کے درمیان امن وحدت باہمی رواداری اور برداشت کا درس دیتا ہے، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ بیان میں کرسمس کے موقع پر تمام عیسائی برادری کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا گیا ہے کہ کرسمس کا تہوار عالم انسانیت کے درمیان امن وحدت باہمی رواداری اور برداشت کا درس دیتا ہے اور بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

صوبے سے جلد پسماندگی کا مکمل خاتمہ ہو جائے گا، محمد خان طور اتمانخیل

قیادت میں بلوچستان عوامی پارٹی اور اتحادی جماعتیں عوام کی فلاح و بہبود اور بنیادی مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنے کیلئے کوشاں ہے

بلوچستان عوامی پارٹی کے تمام وزراء انتخابی وعدوں اور پارٹی منشور پر عملدرآمد یقینی بنانے کیلئے دن رات ایک کر رہی ہے' صوبائی وزیر صنعت و تجارت

لورالائی (خ ن) صوبائی وزیر صنعت و تجارت حاجی محمد خان طور اتمانخیل نے کہا ہے کہ حلقے کی محرومیوں کا خاتمہ ہمارا نصب العین ہے انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان عالیانی کی قیادت میں بلوچستان عوامی پارٹی اور اتحادی جماعتیں عوام کی فلاح و بہبود اور بنیادی مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنے کیلئے کوشاں ہے بلوچستان عوامی پارٹی کے تمام وزراء، انتخابی وعدوں اور پارٹی منشور پر عملدرآمد یقینی بنانے کیلئے دن رات ایک کر رہی ہے یہ باتیں انہوں نے گزشتہ روز بزرگ محلہ میں سیوریج لائن کے افتتاح کے موقع پر عوامی اجتماع میں بات چیت کرتے ہوئے کہیں انہوں نے کہا کہ عوام کے تمام بنیادی مسائل کا حل ہماری اولین ترجیح ہے اور ان تمام کاموں کیلئے مرکزی حکومت ہمارے ساتھ بھرپور تعاون کر رہی ہے انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں 2021 میں کھیلوں کے سب سے زیادہ مقابلے ہوں گے، سیکرٹری اسپورٹس

آل پاکستان چیف منسٹر گولڈ کپ ہاکی، فٹ بال، کرکٹ لیگ کے علاوہ کئی ایونٹس منعقد کئے جائیں گے، عمران گچکی

کوئٹہ (این این آئی) کئی سالوں سے محکمہ کھیل ترقی کی راہیں پار کرتا چلا جا رہا ہے بہترین حکمت عملی اور بھرپور محنت سے 2021 میں انشاء اللہ بلوچستان میں سب سے زیادہ کھیلوں کے مقابلے منعقد ہوں گے۔ ان خیالات کا اظہار سیکرٹری اسپورٹس میر عمران گچکی نے بیان میں کیا۔ سیکرٹری اسپورٹس کا مزید کہنا تھا کہ جس طرح وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان عالیانی کھیل اور کھلاڑی کی ترقی میں خصوصی دلچسپی لے رہے ہیں اور اس کے فروغ کے لئے اقدامات اٹھا رہے ہیں اس کی مثال بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

تعمیر خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے ضلع جھل مگسی گنداواہ کے سیلاب متاثرہ کسانوں میں کھاد بیج اور جانوروں کی خوراک کی تقسیم کا سلسلہ جاری

جھل مگسی (این این آئی) تعمیر خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے ضلع جھل مگسی گنداواہ کے سیلاب متاثرہ کسانوں میں کھاد بیج اور جانوروں کی خوراک کی تقسیم کا سلسلہ جاری ہے اس موقع پر ٹی کے ایف جھل مگسی کے ڈسٹرکٹ کوارڈینیٹر محمود ترین نے گنداواہ میں۔ میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ یونائیٹڈ بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: اپوزیشن لیڈر ملک سکندر خان ایڈووکیٹ خصوصی کمیٹی برائے پی ایچ ای کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان کی تعمیر و ترقی میں اقلیتی برادری کا اہم کردار ہے، مٹھا خان کاکڑ

پاکستان میں تمام مذاہب سے تعلق رکھنے والے افراد کو اپنے مذہبی تہواروں اور رسومات ادا کرنے کی مکمل آزادی حاصل ہے

حضرت عیسیٰ اللہ کے برگزیدہ نبی اور پیغمبر ہیں اور مسلمانوں کے لیے انتہائی قابل احترام ہیں' صوبائی وزیر لائیو اسٹاک اینڈ ڈیری

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ ماحولیات مٹھا خان کاکڑ نے کہا ہے کہ پاکستان میں تمام مذاہب سے تعلق رکھنے والے افراد کو اپنے مذہبی تہواروں اور رسومات ادا کرنے کی مکمل آزادی حاصل ہے۔ حضرت عیسیٰ اللہ کے برگزیدہ نبی اور پیغمبر ہیں اور مسلمانوں کے لیے انتہائی قابل احترام ہیں اور ان کا یوم پیدائش نہ صرف مسیحی برادری بلکہ تمام مسلمانوں کے لیے بھی باعث مسرت ہے حضرت عیسیٰ نے محبت، اخوت، برداشت، عدم تشدد اور انسانیت کی خدمت کی تعلیمات دیں۔ موجودہ بلوچستان حکومت کی اولین ترجیح ہے کہ تمام مذاہب کے ماننے والے افراد کو بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: ائیر چیف مارشل مجاہد انور خان سے چینی سفیر ملاقات کر رہے ہیں

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہشمند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین و خبریں۔ shalquetta@gmail.com

25 دسمبر 2020ء

حکومت کی ناقص کارکردگی

وزیر اعظم عمران خان کی قیادت میں موجودہ حکومت کی کارکردگی گذشتہ ڈھائی سال کے دوران کسی طور تسلی بخش قرار نہیں دی جاسکتی۔ خاص طور سے پاکستانی عوام کے نقطہ نظر سے معیشت کی تباہی، مہنگائی، بیروزگاری اور غربت میں غیر معمولی اضافہ حکومت کی ناقص کارکردگی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ خود وزیر اعظم عمران خان کا کہنا ہے کہ بغیر تیاری حکومت نہیں لینی چاہیے۔ انھوں نے کہا کہ برسر اقتدار آنے سے قبل وہ حکومتی صورتحال کو جس طرح دیکھ رہے تھے، حکومت میں آنے کے بعد معاملات اس سے قطعی مختلف نظر آئے۔ وزیر اعظم نے اپنے وزراء پر زور دیا کہ حکومت کرتے سوا دو سال ہوگئے ہیں اور اب تجربہ نہ ہونے کا کوئی بہانہ نہیں کیا جاسکتا۔ انھوں نے کہا کہ اب کارکردگی دیکھانی پڑے گی اب ہمارے پاس کوئی عذر نہیں ہے۔ یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ اپوزیشن کی بڑی جماعتیں ایک سے زائد بار حکومت میں رہی ہیں۔ اور ان کی کارکردگی بھی عوام کے لیئے اطمینان بخش نہیں رہی۔ بہرحال حکومت کے علاوہ اقتصادی ماہرین کا کہنا ہے کہ کرنٹ اکاؤنٹس خسارہ کا سرپلس میں تبدیل ہوجانا بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی طرف سے آنے والے زرمبادلہ میں اضافہ اور اسٹاک مارکیٹ میں نظر آنے والی بہتری مجموعی ملکی معیشت کے بہتر ہونے کی مضبوط علامات ہیں۔ بہرحال حکومت کو ڈھائی سال سے زیادہ عرصہ ہوچکا ہے اور پونے دو سال بعد ملک میں عام انتخابات ہونے ہیں۔ جس میں پاکستانی عوام حکومتی کارکردگی کی بنا پر اپنا فیصلہ سنائیں۔ جمہوری نظام میں حکومت کی تبدیلی کا یہی طریقہ ہوتا ہے۔ غیر معمولی صورتحال میں اپوزیشن کو حکومت کے خلاف تحریک عدم اعتماد لانے کا اختیار حاصل ہے۔ لیکن اپوزیشن جماعتیں تحریک عدم اعتماد لانے کا اپنا حق استعمال نہیں کرنا چاہتیں کیونکہ انھیں اسمبلی میں اکثریت حاصل نہیں ہے۔ اگر اپوزیشن جماعتوں کو واقعتاً اکثریت کی حمایت حاصل نہیں ہے۔ تو انھیں عام انتخابات کے انعقاد اور عوام کے فیصلے کا انتظار کرنا چاہیے۔ یہی جمہوری طریقہ ہے۔ لیکن افسوس کہ ہماری سیاسی جماعتیں اکیسویں صدی میں بھی تنازعات کے حل کیلئے غیر جمہوری قوتوں کا تعاون حاصل کرنے کے لئے کوشاں ہیں۔

عاجزی کا تحفہ!

والی' کونین معراج شریف کے دوران سرِ لامکاں تشریف لے گئے یہ مقام۔ یہ مرتبہ۔ یہ اعزاز ان سے پہلے کسی اور نبی کے حصہ میں نہیں آیا تھا یہ وہ

لمحات تھے جب انوار و تجلیات کے سب پردے ہٹادیے گئے طالب و مطلوب نے جی بھرکر ایک دوسرے کا دیدار کیا اس موقع پر اللہ تبارک تعالیٰ نے پوچھا اے میرے محبوب ﷺ میرے لئے کیا تحفہ لائے ہو؟

نبیوں کے سردار کے چہرۂ انور پر تبسم پھیل گیا آپ ﷺ نے اتنا جامع، مکمل اور مدلل جواب دیا کہ عقل دنگ رہ جاتی ہے۔ فرمایا یا باری تعالیٰ! میں وہ تحفہ لے کر آیا ہوں جو تیرے پاس نہیں ہے۔ سبحان اللہ خالق کون ومکاں کے پاس کیا نہیں وہ تو ہر شے پر قدرت رکھنے والا ہے۔ اللہ یقیناً جانتا ہے پھر بھی تجسس، اشتیاق اور الفت سے دریافت کیا اے محبوب ﷺ میرے لئے کیا تحفہ لائے ہو؟ آپ نے فرمایا یا رب العالمین میں آپ کے حضور عاجزی لے کر آیا ہوں یقیناً اللہ کے پاس ہر چیز ہے لیکن عاجزی نہیں۔ بلاشبہ اللہ تبارک تعالیٰ کو عاجزی بہت پسند ہے اور طاقت رکھنے کے باوجود عاجز بندوں سے اسے بڑی محبت ہے غرور، تکبر اور اپنے آپ کو دوسروں سے افضل سمجھنا اللہ کو انتہائی ناگوار گذرتا ہے۔ عاجزی تکبر کا الٹ ہے اور اللہ کو عاجزی بہت پسند ہے لیکن خاکی انسان کو اتنی سی بات سمجھ نہیں آتی سمجھنے کو کیا یہ کافی نہیں کہ جو 80,000 سال فرشتوں کے ساتھ رہا اسے اللہ تعالیٰ نے 40,000 سال جنت کا خزانچی رہنے کا اعزاز بخشا 30,000 سال مقربین کا سردار رہا 20,000 سال فرشتوں کو وعظ و تلقین کرتا رہا 14,000 سال عرش کا طواف کرتا رہا پہلے آسمان پر اس کا نام عابد تھا۔ دوسرے آسمان پر اس کا نام زاہد تھا۔ تیسرے آسمان پر اس کا نام بلال۔ چوتھے آسمان پر اس کا نام والی تھا۔ پانچویں آسمان پر اس کا نام تقی تھا۔ چھٹے آسمان پر اس کا نام کبازن تھا اور ساتویں آسمان پر اس کا نام عزازیل تھا اب لوح محفوظ پر اس کا نام ابلیس ہے لوگ اسے شیطان مردود کہتے ہیں اللہ سے اس کی پناہ مانگتے ہیں دیکھیں۔ سوچیں۔ غور کریں غرور، تکبر اور اپنے آپ کو دوسروں سے افضل سمجھنے کی خواہش نے اسے کیا سے کیا بنا ڈالا۔ بے شک عبرت کا مقام ہے لیکن ہم میں سے بیشتر سمجھنا ہی نہیں چاہتے۔ تسلیم نہ بھی کریں اظہار، انکار گو مگو کی کیفیت یا کسی خاص جذبے کے تحت نہ مانیں تو پھر کیا۔ حقیقت بدل سکتی ہے؟ نہیں۔ کبھی نہیں گئی بات تو یہ ہے کہ روپے پیسے یا مادی وسائل کے بغیر گذر اوقات ممکن نہیں لیکن کیا اس کا یہ مطلب لے لیا جائے کہ جائز ناجائز۔ حلال حرام اور اخلاقی اقدار کا قطعی کوئی خیال نہ رکھا جائے۔ یا پھر دولت اور اختیارات کے غرور و تکبر میں انسان کو انسان نہ سمجھا جائے ایسا کرنے والے انسانیت کے مقام سے گر جاتے ہیں انسان جو مخلوقات میں افضل ہے۔ اشرف ہے۔ ممتاز ہے اس کا خاصا یہی ہونا چاہیے کہ وہ عاجزی اختیار کرے بڑائی تو اللہ کو مقدم ہے اسی کو زیبا ہے واضح کہا ہے کہ زمین پر اکڑ کر مت چلو تم زمین کو پھاڑ سکتے ہو نہ پہاڑوں کی بلندی کو چھونے پر قادر ہو۔ ہمارے آس پاس ارد گرد کتنے ہی ایسے کردار ہوں گے اکڑ، غرور اور تکبر جن کا شیوہ ہے بات بہ بات پر اپنے آپ کو افضل اور دوسروں کو کمتر جاننا جن کا شیوہ ہے۔ ان کو کوئی پسند کرنا پسند نہیں کرتا۔ کبھی غور کرو تو محسوس ہوگا دنیا میں کتنے لوگ پیدا ہوئے مرگئے ان کی تعداد شاید کروڑوں، اربوں یا کھربوں میں پہنچ چکی ہوگی ان میں کتنے ہوں گے جن کا نام محض دولت کی وجہ سے آج بھی زندہ ہے قارون کے علاوہ شاید دوسرے تیسرے کا نام بھی آپ نہیں جانتے ہوں گے۔ لیکن بنی نوع انسان کی بھلائی کرنے والے آج بھی زندہ ہیں ان کا تعلق کسی بھی مذہب ہو وہ دنیا کے لئے ایک مثال بن گئے ہیں اللہ تعالیٰ نے رہتی دنیا تک ان کو امر کردیا اور تکبر۔ غرور اور اپنے آپ کو افضل قرار دینے والوں کو کوئی جانتا تک نہیں دوسروں کو کمتر اور گھٹیا جاننا ایک خوفناک بات ہے دنیا کے اکثر حکمران، اشرافیہ کے بیشتر لوگ اسی بیماری میں مبتلا ہیں جو انسان کو انسان بھی نہیں سمجھتے اسی طرز عمل کی وجہ سے ترقی نہیں ہورہی۔ یہ بھی کتنی عجیب بات ہے کہ ٹیکس چور، بجلی چور، کرپٹ اور گیس چور قوم کو اخلاقیات کا درس دیتے ہیں یہ بھی تو تکبر، رعونیت اور فرعونیت کی بدترین مثال ہے دیکھیں۔ سوچیں۔ غور کریں غرور، تکبر اور اپنے آپ کو دوسروں سے افضل سمجھنے کی خواہش نے شیطان کو کیا سے کیا بنا ڈالا۔ بے شک عبرت کا مقام ہے لیکن ہم میں سے بیشتر سمجھنا ہی نہیں چاہتے۔ تسلیم نہ بھی کریں اظہار، انکار گو مگو کی کیفیت یا کسی خاص جذبے کے تحت نہ مانیں تو پھر کیا۔ حقیقت بدل سکتی ہے؟ بلاشبہ اللہ تبارک تعالیٰ کو عاجزی بہت پسند ہے اور طاقت رکھنے کے باوجود عاجز بندوں سے اسے بڑی محبت ہے غرور، تکبر اور اپنے آپ کو دوسروں سے افضل سمجھنا اللہ کو انتہائی ناگوار گذرتا ہے۔ عاجزی تکبر کا الٹ ہے اور اللہ کو عاجزی بہت پسند ہے اور جس نے اس راز کو پالیا گویا اس کے ہاتھ نسخۂ کیمیا آگیا اسلام نے تو ہمیں سادگی اور میانہ روی کا حکم دیا ہے وسائل ہوتے ہوئے بھی سادگی اختیار کرنا کتنا اچھا عمل ہے لیکن اکڑ، غرور اور تکبر کا اظہار تو ٹھاٹھ باٹھ سے ہی عیاں ہوتا ہے سادگی اور عاجزی کا آغاز حکمرانوں سے شروع ہونا چاہیے وہ قوم کیلئے رول ماڈل ہوتے ہیں اس کا اثر عوام پر لازمی پڑے گا تو اللہ کا نام لے کر اس کی شروعات کردینی چاہیے اس سے نہ صرف اللہ اور اس کا رسول ﷺ خوش ہوگا بلکہ عوام کی زندگی آسان ہوجائے گی یہ خوشگوار تبدیلی بھی آغاز بھی ہوسکتا ہے۔

☆☆☆☆☆

قنوطیوں کا واویلا!

میں خود بڑے عرصے سے محسوس کر رہا ہوں، میری تحریر میں ایک بیزاری، ایک لاتعلقی سی آچکی ہے۔ وہ گئی، وہ آگ اور وہ سلگتا ہوا درد ختم ہوتا جارہا ہے جو اس تحریر کی پہچان تھا ایسا کیوں ہورہا ہے؟ میں اکثر خود سے سوال



کرتا ہوں۔ ہر بار میں خود کو یہی جواب دیتا ہوں، کوئی نیا موضوع، کوئی نیا ایشو نہیں۔ مہنگائی پر اور کتنے کالم لکھے جائیں؟ بیروزگاری، جہالت اور بیماری پر کوئی کہاں تک لکھ سکتا ہے؟ بدامنی، حکومتی رٹ، حکومتی بے حسی، لوٹ کھسوٹ، کرپشن، دفتری تاخیر، سرخ فیتہ اور سیاسی مکر و فریب پر کتنے نئے مضامین چھاپے جاسکتے ہیں؟ آخر انسانی دماغ کی بھی ایک حد ہوتی ہے۔ آپ سیاپا بھی ایک حد تک کرسکتے ہیں، بچہ ماں کو کتنا پیارا ہوتا ہے، بچہ مرجائے تو ماں بین کرتی ہے، روتی ہے چلاتی ہے لیکن کتنی دیر؟ ایک گھنٹہ، ایک دن یا ایک ہفتہ، آخر بین ہچکیوں، ہچکیاں سسکیوں اور سسکیاں آہوں میں تبدیل ہوجاتی ہیں، دل مضطرب کو چین آجاتا ہے۔ ایک ہلکی سی کسک، درد کی ایک تھوڑی سی آہٹ باقی رہ جاتی ہے۔

لکھاریوں کی تحریریں ایک بین، ایک چیخ ہوتے ہیں۔ یہ چیخ یہ بین بتاتے ہیں کہ لوگو! تمہارے ساتھ ظلم ہوگیا تم لٹ گئے تم برباد ہوگئے۔ اس چیخ، اس بین پر لوگ متوجہ ہو جائیں اور ظالم ٹھٹک کر رک جائے تو لکھاری کا فرض پورا ہوگیا لیکن اگر ظالم ان چیخوں، ان بینوں کے باوجود ظلم کرتا رہے ایک لمحے کیلئے اس کا ہاتھ نہ رکے، اس کے ماتھے پر شرمندگی کا پسینہ تک نہ آئے تو وہ چیخ، وہ بین ایک فضائی آلودگی کے سوا کچھ نہیں ہوتی۔ لوگ بھی اگر اس چیخ اور اس بین کو معمولی سمجھیں اور ایک روٹین کا درجہ دے دیں تو بھی یہ چیخیں یہ بین آوازوں کے جنگل میں ایک سوکھی سڑی جھاڑی اور ایک کچلی گھاس سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتی۔ چوکیدار کے "جاگتے رہو" کے اعلان سے اگر چور گھبرائیں اور نہ ہی اہل محلہ کی آنکھ کھلے تو چوکیدار کیا کرے گا؟ اس کی چیخوں میں بھی نیند جھلکنے لگے گی، اس کا ضمیر بھی جمائیاں لینے لگے گا۔

یقین کیجئے میں جب لکھنے بیٹھتا ہوں تو خود سے سوال کرتا ہوں، کس کیلئے لکھ رہا ہوں؟ ان لوگوں کیلئے جو غلامی سہنے کی عادت، زیادتیاں برداشت کرنے کی خو جن کی نس نس میں بس چکی ہے، جو اپنے اوپر ہونے والے ظلم کی داستان کو بھی ایک افسانہ سمجھ کر پڑھتے ہیں، جو اپنے قتل کے گواہ بنتے ہیں یا اس حکومت کیلئے جو قنوطیت کی اپیل کو پاگل اور قنوطیوں کا "واویلا" سمجھتی ہے۔ میں اس نتیجے پر پہنچ چکا ہوں آپ بیل کو لیکچر کے ذریعے چیتا نہیں بنا سکتے۔ بھیڑیے کے دل میں بھیڑ کیلئے ہمدردی بھی نہیں جگا سکتے۔ بلند اصاحبو! گئی بات ہے سیاپے کی یہ نائین (پیغام دینے والی مائی) تھک چکی ہے۔ آخر میں قبرستانوں میں اذان دینے کی ایک حد ہوتی ہے!

رہا دوسرا اعتراض تو میں نے پچھلی چار دہائیوں میں سیاستدانوں کے دو رنگ دیکھے کہ لفظ سیاست سے مجھے گھن آتی ہے۔ مجھے محسوس ہوتا ہے کہ میں کسی کچرا گھر کی دیوار پر بیٹھا ہوں، ایک دیوار جس میں اصول، انصاف، وفاداری، ایمانداری اور ضمیر نام کی ہر وہ خوبی، ہر وہ وصف گل سڑ رہا ہے، جس کی وجہ ایک درندہ اشرف المخلوقات بنتا، مجھے ان اوصاف، ان خوبیوں کی لاشوں میں کیڑے رینگتے نظر آتے ہیں۔ میں نے ان پچھلی چار دہائیوں میں ان لوگوں کو اپنے محسنوں کو گالیاں دیتے دیکھا۔ میں نے فوجی حکمرانوں پر تنقید کرنے والوں کو ان کے تلوے چاٹتے دیکھا۔ آپ کو یاد ہوگا کہ جنرل ضیاء الحق نے جب کہا تھا کہ میں ان سیاستدانوں کو اشارہ کروں تو یہ دم ہلاتے میرے پاس آجائیں۔

آپ کسی غیرت مند کو گالی دے سکتے ہیں لیکن جس کی آنکھوں کی شرم ہی مرچکی ہو جسے پارٹی بدلتے، وفاداری تبدیل کرتے، نظریہ اور منشور بھلاتے اتنی دیر بھی نہ لگتی ہو جتنی بنیان بدلنے یا جرابیں تبدیل کرنے میں لگتی ہے تو آپ اس کو کتنا برا بھلا کہہ دیں گے۔ ان سے تو وہ شخص بہتر تھا جس نے یہ کہا تھا کہ میں انکار میں اتنا آگے جاچکا ہوں کہ میرے لئے واپسی ممکن نہیں۔ آپ خود سوچیں! بھلا بوکے اس جوہڑ پر کیا لکھا جائے؟ ان غلاظت اور سڑاند بھرے کچرا گھروں سے کون سا سورج طلوع ہوگا، یہ لوگ کس مستقبل کی بنیاد رکھ رہے ہیں۔ قوم نے این آر او جیسے کھوتوں کی کوکھ میں پروان چڑھنے والے لوگ اپنی انا، اپنا ضمیر اور اپنی زبان گروی رکھ کر جنم لینے والوں سیاستدانوں کو مسند اقتدار پر بھی دیکھا ہے اور آج وہ جمہوریت جو کسی اور کی بانہوں میں جھکورے لے رہی ہو اس سے کیا توقع کی جاسکتی ہے؟

جو ایک بوڑھی ماں کے ساتھ بلکہ قوم کی بیٹی عافیہ کی رہائی کو شب وروز اپنی سیاست کا وظیفہ بنا کر مسند اقتدار پر پہنچتے ہی اپنا پہلا کام بتاتے تھے اب نہ صرف آنکھیں پھیر چکے ہیں بلکہ عافیہ کی بہن سے ملنے سے بھی گریزاں ہیں، ایسے حکمران جو اپنے ہی نظریے پر قائم نہیں رہ سکے، جو اپنے عہد کا پاس نہ کر سکے، وہ میرے یا آپ کے کیا ہوں گے۔ وہ میرے نظریات، میرے احساسات اور میرے جذبات کی کیا ترجمانی کریں گے۔ وہ میرے لئے تبدیلیوں کے کون سے سورج تراشیں گے۔ وہ انقلاب کے کن سویروں کی (جاری ہے)

اسرائیلی میڈیا اُمت مسلمہ میں افتراق پھیلانے کی راہ پر (آخری قسط)

عمران حکومت بیک ڈور ڈپلومیسی سے اسرائیل کیساتھ رابطے میں ہے، جبکہ ان خبروں اور پروپیگنڈے میں کوئی صداقت نہیں۔ عمران خان نے واضح موقف دیا

تصور حسین شہزاد

ہے کہ جب تک فلسطین کے عوام مطمئن نہیں ہوتے، وہ اسرائیل کو تسلیم نہیں کریں گے، عمران خان نے زلفی بخاری کے دورہ اسرائیل کی بھی تردید کرتے ہوئے اس بے بنیاد خبر کو سازش قرار دیا۔ اب زلفی بخاری کے حوالے سے جس پاکستانی صحافی نے خبر اڑائی تھی، اس کا نام نور داہری ہے، ان کا تعلق سندھ سے ہے اور وہ گذشتہ 20 سال سے برطانیہ میں مقیم ہیں، جبکہ نور داہری صرف ایک بار وہ بھی دس سال قبل پاکستان آئے تھے۔ نور داہری برطانیہ میں ایک تھنک ٹینک چلا رہے ہیں، جس کا پورا زور اس بات پر ہے کہ پاکستان اسرائیل کو تسلیم کرلے۔

یہ تھنک ٹینک پاکستانی عوام کے ذہنوں میں یہ بات ڈالنے کیلئے کوشاں ہے کہ اسرائیل کو تسلیم کرنے میں ہی پاکستان کا فائدہ ہے۔ نور داہری کے برطانیہ میں سرگرم تھنک ٹینک کا نام "اسلام تھیولوجی آف کاؤنٹر ٹیررازم" ہے، جس کی فنڈنگ موساد کی جانب سے کی جاتی ہے۔ جب نور داہری سے سوال کیا گیا کہ انہیں یہ خبر کہاں سے ملی کہ زلفی بخاری نے اسرائیل کا دورہ کیا ہے تو نور کا جواب تھا کہ یہ انٹیلی جنس معلومات تھیں، تو ان سے یہ پوچھا گیا، یہ معلومات کس ایجنسی نے آپ کو فراہم کیں؟ تو نور داہری نے کہا کہ انٹیلی جنس معلومات کی مزید تفصیلات نہیں دے سکتا۔ انہوں نے کھلے بندوں اعتراف کیا کہ ان کے ایم آئی سکس، ایم آئی فائیو اور موساد سے تعلقات ہیں۔ نور داہری نے کہا کہ جب درست وقت آئے گا تو پاکستان اور اسرائیل کے تعلقات آپ کے سامنے قائم ہوں گے، یعنی وہ اسرائیلی ایجنڈے پر اتنے اطمینان سے عمل پیرا ہیں کہ انہیں یقین ہے کہ پاکستان اسرائیل کو تسلیم کرلے گا۔

موساد جہاں ایسی بے پر کی اڑا کر پاکستانی حکومت کیلئے مشکلات پیدا کررہی ہے، وہیں پاکستانی میڈیا کے چند ضمیر فروش صحافیوں کو خرید کر ان کو بھی اپنے مکروہ مقاصد کیلئے استعمال کررہی ہے۔ اس حوالے سے پاکستان کے باشعور عوام کو ضمیر فروش صحافیوں کے جھانسے میں نہیں آنا چاہیے۔ مولائے کائنات نے حق کی شناخت کا ایک فارمولا دیا تھا کہ جس طرف باطل کے تیر جارہے ہوں، وہ ہدف ہی حق ہوگا۔ اسرائیل کی چاپلوسی میں جو جو بول رہا ہو، سمجھ لیجئے کہ ان کی ڈوریاں تل ابیب سے ہل رہی ہیں۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ یہ میڈیا کا دور ہے اور میڈیا ایک موثر ترین ہتھیار ہے، جنگیں اسی ہتھیار کے ذریعے ہی لڑی جارہی ہیں، اسی میڈیا کے ذریعے ہی ذہن سازی کی جارہی ہے۔ اس لئے اُمت کو اس جنگ کے سامنے بیداری کا ثبوت دینا ہوگا اور حق کی شناخت کرنا ہوگی۔ اسرائیل چاہتا ہے کہ پاکستان میں بدامنی پیدا کرکے حکومت کیلئے مسائل کھڑے کرے، یہی وجہ ہے کہ کبھی سیاسی بحران کو پرموٹ کیا جاتا ہے تو کبھی صحافیوں کے ذریعے اسرائیل کو تسلیم کرنے کے "فوائد" گنوائے جاتے ہیں۔ ہمیں ان سازشوں کا ادراک کرتے ہوئے بیدار رہنا ہوگا۔

وزیر اعظم پاکستان کا گرین پاکستان مہم اور لسبیلہ میں قدرتی جنگلات کا بے دریغ کٹائی

جیسے کہ آپ سب جانتے ہیں کہ ہمارے ٹیلیویژن پروگراموں و دیگر سرکاری دفاتر میں بھی وزیر اعظم پاکستان عمران خان کی جانب سے ایک مہم چلائی

میر عاشق سنگھور بلوچ

جاری ہے (گرین پاکستان) جس کا مقصد پاکستان کو سرسبز وشاداب بنانا ہے مگر ضلع لسبیلہ میں کھلے عام قدرتی جنگلات کی کٹائی دن رات جاری وساری ہے اور پچھلی کئی حکومتوں کے مقابلے خود وزیر اعظم پاکستان عمران خان کی حکومت میں سب سے زیادہ بلکہ خطرناک حد تک جنگلات کی کٹائی میں ضلع لسبیلہ شاید ملک بھر میں پہلے نمبر پر ہو، پاکستان میں لازم ہے تمام اضلاع میں وزیر اعظم پاکستان کے حکم پر عملدرآمد ممکن نہیں ہو مگر شدید میں آتا رہا ہے کہ پاکستان کے کئی ایسے علاقے ہیں جن میں صرف رات کو ہی جنگلات کی کٹائی کی جاتی ہے مگر ان کو شہروں میں بھیجنے سے پہلے ان علاقوں کی انتظامیہ پکڑ لیتی ہے اور جنگلات کی کٹائی پر کڑی نگرانی بھی کی جاتی مگر ضلع لسبیلہ وہ واحد ضلع ہے جہاں دن رات صبح شام کھلے عام جنگلات کی کٹائی کی جاتی ہے اور سرعام مین شاہراؤں سے ہوتی ہوئی لکڑیوں سے لوڈ ٹریکٹرو گاڑیاں ملک بھر کے دیگر شہروں کو بھیجے جاتے ہیں۔ یہاں کی ضلعی انتظامیہ نے تو فرضی طور پر جنگلات کی کٹائی پر بندش کا حکم جاری کردیا ہے مگر ضلعی انتظامیہ کے اپنے ہی ناک کے نیچے سے روزانہ ہزاروں ٹنوں کے حساب سے لکڑیاں گاڑیوں میں لوڈ کرکے کراچی بھیجی جاتی ہیں۔

میں یہاں یہ بات واضح کرتا چلوں کہ جب آپ کراچی سے بلوچستان کے لیئے روانہ ہوتے ہیں تو آپ کو حب سے لے کر بیلہ تک ہی قدرتی جنگلات کے نظارے دیکھنے کو ملیں گے جبکہ بیلہ سے کوئٹہ کے قریب تک آپ کو جنگلات تو کیا چند درخت بھی ایک ساتھ نظر نہیں آتے اگر یہ بھی کہا جائے کہ قلات ڈویژن میں سب سے زیادہ قدرتی جنگلات صرف لسبیلہ میں ہیں تو بھی یہ بات ہرگز غلط نہیں۔ جبکہ ضلع لسبیلہ میں سب سے زیادہ پایا جانے والا ایک نہایت ہی قیمتی اور نایاب درخت جسے ہم ہمور کہتے ہیں یہ درخت ہر جگہ پر نہیں ملتی بلکہ اس کی لکڑی سے اگر آپ اپنے گھر کی چھت تعمیر کرتے ہیں تو اس لکڑی کی مدت پچاس سال تک ہوتی ہے جو کہ آج کل کے لوہے کی مدت بھی نہیں ہوتی مگر اس نایاب درخت کی کٹائی کھلے عام جاری و ساری ہے جو کہ ایک افسوسناک بلکہ خطرناک عمل ہے۔

انڈیا کی فلم انڈسٹری جہاں کئی قسم کے برے چیزوں کو ترجیح دی جاتی ہے وہی انڈیا کا ایک فلم ہے انڈیا کی فلم انڈسٹری جہاں کئی قسم کے برے چیزوں کو ترجیح دی جاتی ہے وہی انڈیا کا ایک فلم ہے (جنتا گیراج) اس فلم کے اندر جو ہیرو ہے وہ درختوں سے بے حد محبت کرتا ہے یہاں تک کہ اس فلم میں ایک ایم این اے ہوتا جو کہ کسی جگہ پارک پر قبضہ کرنے کی کوشش کرتا ہے اور اس پارک کی جگہ وہ اپنی طاقت سے ایک بہت بڑا عالیشان ہوٹل تعمیر کرنا چاہتا ہے مگر اس فلم کا ہیرو ایم این اے کے خلاف کیس کرتا ہے جب اس ایم این اے کے گنڈے اس ہیرو کے پاس جاتے ہیں کہ وہ اپنا کیس واپس لے تو ان گنڈوں کے ساتھ ایک وکیل بھی ہوتا ہے ہیرو باقیوں کو چھوڑ کر وکیل کے ساتھ بات کرتا ہے اور کیا خوب کہتا ہے کہ ایم این اے تو ٹھہرا ایک جاہل آدمی آپ تو پڑھے لکھے ہو ایم این اے سے جا کر کہنا کہ پارک اگر ختم کیا تو وہ مرجائے گا مگر اس ایم این اے کو میں نہیں ماروں گا اس کو قدرت خود ہی مارے گی کیونکہ یہی درخت ہیں جن کی وجہ سے وہ ایم این اے سانس لے رہا ہے اگر یہ درخت ہی دنیا سے ختم ہو جائیں گے تو ہم مریں گے ہی مگر ایم این اے بھی زندہ نہیں رہ سکتا ٹھیک اس فلم کی طرح ہمارے لسبیلہ میں بھی نمبر مافیا یہ کیوں بھول چکی ہے کہ اگر ہم انسان زندہ ہیں سانس لے رہے ہیں تو ان درختوں کی بدولت جنگلات کی بدولت اگر یہ جنگلات ہی ختم ہوں گے تو ہم میں سے کوئی بھی زندہ نہیں رہ سکتا۔

یہاں ایک اور بات بتاتا چلوں کہ ہمارے کئی کسان بھائی ہیں جو کہ اکثر اچھی فصل نا اگنے پر کہتے ہیں کہ پہلے دور میں ایمان ہوا کرتا تھا اب ایمان کی کمی ہے اس لیئے ہماری فصلیں اگتی تو ہیں مگر اپنی مدت سے پہلے ہی سکھڑ جاتی ہیں اور فصل نہیں دیتیں تو میرے کسان بھائیو: جس طرح ایک بچے کو والدین کی ضرورت ہوتی ہے ٹھیک اسی طرح فصل اگنے کے لیئے بھی زمینوں کے ارد گرد بڑے درختوں کا ہونا اتنا ہی ضروری ہوتا ہے کیونکہ بڑے درختوں سے ہی چھوٹے درخت کو آکسیجن ملتا ہے اور بڑا درخت ہی تیز ہواؤں اور گرد آلود مٹی کو روک کر چھوٹے درخت کو محفوظ کرنے کا عمل کرتا ہے جبکہ آپ خود چند روپوں کی خاطر اپنی زمینوں پر موجود قدرتی طور پر اگنے والے درختوں کو بیچ دیتے ہو اور پھر کہتے ہو کہ ہماری زمینوں میں فصل نہیں اگتا۔ خدارا ان درختوں پر رحم کھائیں چند روپوں کی خاطر ان کی نسل کو تباہ نا کریں میں تو یہی کہوں گا کہ جنگلات کی تباہی میں جتنا نمبر مافیا زمیدار ہے اس سے کئی گنا زیادہ ہمارے کسان بھائی بھی زمیدار ہیں۔

میری اپنے کسان بھائیوں سے دردمندانہ اپیل ہے کہ خدارا چند روپوں کی خاطر اپنے مستقبل کو خطرے میں نا ڈالیں خود بھی محفوظ رہیں اور اپنی آنے والی نسلوں کو بھی محفوظ بنائیں جہاں بھی نمبر مافیا نظر آئے پہلے تو خود ان کو اپنے اپنے علاقوں سے نکال دیں ہاں اگر کوئی اور کسان بھائی بھی اپنے درختوں کو نمبر مافیا کے ہاتھوں بیچ رہا ہے تو اس کے خلاف بھی انتظامیہ کو اطلاع دیں اور ضلعی انتظامیہ سے بھی میں یہ درخواست کرنا چاہوں گا کہ وہ صرف حکمنامے جاری نا کرے بلکہ ان کے جاری کردہ حکمنامے پر کس حد تک عمل درآمد ہو رہا ہے اس بات کا بھی خیال رکھے۔

نوٹ:: میری اس تحریر کا مقصد صرف جنگلات کے حفاظت کرنے پر حکومت پاکستان کا توجہ مبذول کرنا ہے نا کہ اپنے کسان بھائیوں کی دل آزاری کرنا اگر میری اس تحریر سے کسی کسان بھائی کی دل آزاری ہوتی تو معذرت خواہ ہوں۔ شکریہ

☆☆☆☆

بابا کے آخری 60 دن (آخری قسط)

میں لکھا ہے کہ: "جب میں نے قائد سے ان کی بیماری سے متعلق استفسارات کیے تو ان کا تمام زور اسی بات پر تھا کہ وہ بالکل بھلے چنگے ہیں اور یہ کہ ان کا معدہ ٹھیک ہوجائے تو وہ جلدی معمول کے مطابق کام کرنے لگیں گے۔"

مگر جب ڈاکٹر الٰہی بخش نے جناح کا سرسری معائنہ کیا تو وہ اس نتیجے پر پہنچے کہ ان کا معدہ تو بالکل ٹھیک ہے لیکن ان کے سینے اور پھیپھڑوں میں انفیکشن ہے

کرنل نواز اور ڈاکٹر مستری کو گئے ہوئے بڑی دیر ہوگئی تھی لیکن نہ فوجی ایمبولینس کا انجن درست ہوا اور نہ کوئی اور متبادل انتظام ہوسکا۔ ڈاکٹر الٰہی بخش اور ڈاکٹر ریاض بار بار اپنے قائد کی نبض دیکھتے تھے جو بتدریج ڈوب رہی تھی۔ بابائے قوم کو ایمبولینس سے کار میں منتقل کرنا بھی ممکن نہیں تھا کیونکہ سٹریچر کار میں رکھا نہیں جاسکتا تھا اور خود جناح میں اتنی سکت نہیں تھی کہ وہ کار میں بیٹھ پاتے سکتے۔

اس موقع پر امر انتہا تعجب خیز ہے کہ دارالحکومت میں کسی نے یہ جاننے کی زحمت بھی نہ کی کہ جناح سوا چار بجے ایئر پورٹ پر اترنے کے باوجود ابھی تک گورنر جنرل ہاؤس کیوں نہیں پہنچے، ان کا قافلہ کہاں ہے اور ان کی طبیعت کیسی ہے۔

بعض لوگ کہتے ہیں کہ جناح کی کراچی آمد راز رکھی گئی تھی مگر کیا واقعی حکومت کے اعلیٰ عہدے داران ان کی آمد سے بے خبر تھے؟ کیا کسی کو یہ بھی خبر نہیں تھی کہ اسی صبح گورنر جنرل کا خصوصی طیارہ کوئٹہ بھیجا گیا ہے اور شام میں کسی بھی وقت دارالحکومت میں ان کی آمد متوقع ہے؟

واقفان حال بتاتے ہیں کہ چار ستمبر 1948 کو جب کابینہ کے سیکریٹری جنرل چوہدری محمد علی گورنر جنرل کی نازک حالت دیکھ کر کراچی واپس پہنچے تھے تو اسی شام وزیر اعظم ہاؤس میں کابینہ کا ہنگامی اجلاس منعقد ہوا تھا۔ یہ ناممکن ہے کہ اس اجلاس میں جناح کی بیماری زیر بحث نہ آئی ہو۔

اس کے بعد جب میر لائق علی گورنر جنرل سے ملے بغیر کراچی واپس لوٹ آئے تو انھوں نے غلام محمد کی رہائش گاہ پر لیاقت علی خان، چوہدری محمد علی اور سر ظفر اللہ خان کو جناح کی انتہائی تشویشناک حالت سے آگاہ کیا اور بقول میر لائق علی کے تمام افراد حیرت زدہ رہ گئے تھے۔"

اس پس منظر میں جناح کی کراچی آمد سے حکومت کے کار پردازوں کی بے نیازی اور بے خبری تصویر کے کس رخ کی نشاندہی کرتی ہے؟ یہ سوال آج بھی جواب طلب ہے۔

پاکستان میں انڈیا کے پہلے ہائی کمشنر سری پرکاش نے اپنی کتاب 'پاکستان: قیام اور ابتدائی حالات' میں بھی اس واقعے کا ذکر کیا ہے۔ انھوں نے لکھا ہے کہ: 'ان دنوں مقامی ریڈ کراس کے انچارج جمشید مہتا تھے جن کی عزت کراچی کا ہر فرد بشر کرتا تھا۔ بعد میں انھوں نے مجھے بتایا کہ مجھے شام کو پیغام ملا کہ ایک آدمی بہت علیل ہے۔ کیا آپ اس کے لیے ایمبولینس بھیج سکتے ہیں؟ یہ واقعہ ساڑھے پانچ بجے شام کا ہے۔'

گیارہ ستمبر 1948 کو جناح کو سٹریچر پر ڈال کر ان کے وائی کنگ طیارے تک پہنچا دیا گیا۔ جب انھیں طیارے تک لے جایا جارہا تھا تو عملے نے انھیں سلامی دی اور پھر سب یہ دیکھ کر حیران رہ گئے کہ جناح نے انتہائی نقاہت کے باوجود فوراً ہی ان کا جواب دیا۔ ان کے ہاتھوں کی جنبش سے محسوس ہوتا تھا کہ انھیں بستر مرگ پر بھی نظم وضبط کے تقاضوں کا مکمل احساس تھا۔

کوئٹہ سے کراچی تک کا سفر دو گھنٹے میں طے ہوا۔ اس دوران جناح بڑے بے چین رہے۔ انھیں بار بار آکسیجن دی جاتی رہی، یہ فرض بھی فاطمہ جناح اور کبھی ڈاکٹر الٰہی بخش ادا کرتے رہے۔ ڈاکٹر مستری، نرس ڈنہم، نیول اے ڈی سی لیفٹیننٹ مظہر احمد اور جناح کے اسسٹنٹ پرائیویٹ سیکریٹری فرخ امین بھی اسی طیارے میں سوار تھے۔ طیارہ جناح کو لے کر سوا چار بجے ماری پور کے ایئر پورٹ پر اترا۔ جناح کی ہدایت پر انھیں لینے کے لیے آنے والوں میں نہ حکومت کا کوئی اہم رکن موجود تھا نہ ہی ضلعی انتظامیہ ان کی آمد سے باخبر تھی۔ ایئر پورٹ پر ان کا خیر مقدم کرنے والوں میں گورنر جنرل کے ملٹری سیکریٹری لیفٹیننٹ کرنل جیفری نولز کے علاوہ اور کوئی بھی نہ تھا۔

گورنر جنرل کے سٹاف نے انھیں سٹریچر پر ڈال کر فوجی ایمبولینس میں منتقل کیا۔ فاطمہ جناح اور نرس ڈنہم ان کے ساتھ بیٹھ گئیں جبکہ ڈاکٹر الٰہی بخش، ڈاکٹر مستری اور کرنل جیفری جناح کی کیڈیلک کار میں سوار ہو گئے۔

جناح کی ایمبولینس نے ابھی فقط چار میل کا فاصلہ طے کیا ہوگا کہ اس کا انجن پیٹرول ختم ہونے کے باعث ایک جھٹکے کے ساتھ بند ہو گیا۔ اس کے ساتھ ایمبولینس کے پیچھے پیچھے آنے والی کیڈیلک کار، سامان بردار ٹرک اور دوسری گاڑیاں بھی رک گئیں۔

قائد کی حالت اس قابل نہیں تھی کہ راستے میں بلاوجہ ایک لمحہ بھی ضائع کیا جاتا۔ ڈرائیور 20 منٹ تک انجن کو ٹھیک کرنے کی جدوجہد کرتا رہا۔ آخر فاطمہ جناح کے حکم پر ملٹری سیکریٹری اپنی کار میں ایک اور ایمبولینس لینے کے لیے روانہ ہو گئے اور ڈاکٹر مستری بھی ان کے ساتھ تھے۔

ادھر ایمبولینس میں شدید حبس کا عالم تھا۔ سانس لینا بھی دشوار ہو رہا تھا۔ اس بے چینی پر مستزاد وہ سینکڑوں مکھیاں تھیں جو جناح کے چہرے کے ارد گرد منڈلا رہی تھیں اور ان میں انھیں اڑانے کی سکت نہ تھی۔ فاطمہ جناح اور سسٹر ڈنہم باری باری انھیں گتے کے ایک ٹکڑے سے پنکھا جھلتی رہیں۔ ہر لمحہ بڑی اذیت میں گزر رہا تھا۔

خدا خدا کر کے کرنل نولز اور ڈاکٹر مستری ایک دوسری ایمبولینس لے کر واپس آئے۔ قیاس کیا جاسکتا ہے کہ یہ وہی ایمبولینس ہوگی جس کا ذکر سری پرکاش نے کیا ہے۔

جناح کو سٹریچر پر ڈال کر اس ایمبولینس میں منتقل کیا گیا اور یوں شام چھ بج کر دس منٹ پر وہ گورنر جنرل ہاؤس پہنچے۔ ایئر پورٹ سے، رہائش گاہ تک کا نو میل کا فاصلہ جو زیادہ سے زیادہ پندرہ بیس منٹ میں طے ہو جانا چاہیے تھا تقریباً دو گھنٹے میں طے ہوا۔ یعنی دو گھنٹے کوئٹہ سے کراچی تک اور دو گھنٹے ایئر پورٹ سے گورنر جنرل ہاؤس تک۔

یہ تکلیف دہ سفر جناح نے اس کسمپرسی کے عالم میں کیا کہ ہماری تاریخ میں اس کی کوئی مثال نہیں ملتی ہے اور نہ کوئی توجیہ۔

سری پرکاش نے اپنی مذکورہ بالا کتاب میں تحریر کیا ہے کہ: 'مسٹر جناح کے انتقال کے وقت فرانسیسی سفارت خانے میں کاک ٹیل پارٹی ہو رہی تھی۔ میں نے اس پارٹی میں نواب زادہ لیاقت علی خان سے مسٹر جناح کے آنے کا ذکر کیا تو انھوں نے کہا کہ مسٹر جناح سادہ مزاج آدمی ہیں، اس لیے انھوں نے اس کو پسند نہیں کیا کہ ان کی آمد کے وقت ہنگامہ ہو۔'

گورنر جنرل ہاؤس پہنچنے کے بعد جناح تقریباً سوا چار گھنٹے زندہ رہے اور اس دوران وہ تقریباً غنودگی کے عالم میں رہے۔

ڈاکٹروں نے انھیں طاقت کا ایک انجکشن لگایا اور ڈاکٹر الٰہی بخش کے بقول جب انھوں نے ہوش میں آنے پر جناح سے کہا کہ وہ جلد ہی ٹھیک ہو جائیں گے تو انھوں نے آہستگی سے کہا نہیں۔۔۔ میں زندہ نہیں رہوں گا۔'

ڈاکٹر الٰہی بخش کے مطابق یہ قائد اعظم محمد علی جناح کے آخری الفاظ تھے۔

ڈاکٹر ریاض علی شاہ نے لکھا ہے کہ جناح کے آخری الفاظ 'اللہ۔۔۔ پاکستان' تھے جبکہ فاطمہ جناح 'مائی برادر' میں لکھتی ہیں: 'جناح نے دو گھنٹے کی پرسکون اور بے خلل نیند کے بعد اپنی آنکھیں کھولیں، سر اور آنکھوں سے مجھے اپنے قریب بلایا اور میرے ساتھ بات کرنے کی آخری کوشش کی۔ ان کے لبوں نے سرگوشی کے عالم میں کہا: فاطی۔۔۔ خدا حافظ۔۔۔ لا الٰہ الا اللہ محمد الرسول اللہ۔' پھر ان کا سر دائیں جانب کو آہستگی سے ڈھلک گیا اور ان کی آنکھیں بند ہوگئیں۔

عرب دنیا میں صہیونی رژیم سے ساز باز کا ڈومینو

گذشتہ ہفتے کے آخر میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے معمول کے مطابق اپنے نئے ٹویٹر پیغام میں

امیر حسین رجبی

اسرائیل کی غاصب صہیونی رژیم اور مراکش میں سفارتی تعلقات بحال ہونے کی خبر دی۔ یہ گذشتہ کچھ عرصے سے عرب ممالک کی جانب سے اسرائیل کی غاصب صہیونی رژیم سے تعلقات معمول پر لانے کے سلسلے کی تازہ ترین کڑی ہے۔ اگرچہ گذشتہ چند ماہ میں عرب ممالک کی جانب سے غاصب صہیونی رژیم سے اعلانیہ طور پر تعلقات بحال کرنے کا سلسلہ مغربی ایشیا خطے کے حالات پر نظر رکھنے والے سیاسی ماہرین کیلئے غیر متوقع نہیں ہے لیکن اس سلسلے کے اسباب اور نتائج کا جائزہ لینا خاص اہمیت کا حامل ہے۔ تحریر حاضر میں اس سلسلے کے بعض اہم اسباب اور نتائج پر روشنی ڈالنے کی کوشش کی گئی ہے۔

عالمی سطح پر حکمفرما موجودہ بین الاقوامی نظام میں ہر ملک مختلف پہلوؤں سے اور مختلف انداز میں بین الاقوامی قوانین اور اداروں اور ان میں رونما ہونے والی تبدیلیوں سے متاثر ہوتا ہے اور ساتھ ہی اپنی صلاحیتوں اور توانائیوں کے مطابق اس پر اثر انداز بھی ہوتا ہے۔ ایسا ممکن نہیں کہ کوئی اس دنیا میں رہتے ہوئے اس عمل سے دامن بچا سکے لیکن جو چیز دنیا کے اکثر ممالک کے سیاسی رہنماؤں کیلئے مشکل صورتحال پیدا ہونے کا باعث بنتی ہے وہ عالمی نظام پر اثر انداز ہونے سے زیادہ اس سے متاثر ہونا ہے۔ مغربی ایشیا خطے کے عرب ممالک بھی ایسی ہی صورتحال کا شکار ہو چکے ہیں۔ گذشتہ چند ماہ کے دوران جو عرب ممالک اسرائیل کی غاصب صہیونی رژیم سے تعلقات کی بحالی کے سلسلے میں شامل ہوئے ہیں ان میں بعض ایک جیسی خصوصیات پائی جاتی ہیں۔

پہلی مشترکہ خصوصیت یہ ہے کہ ان ممالک میں قومی حکومتیں وجود نہیں رکھتیں۔ دوسرے الفاظ میں یہ ممالک ریاست قوم (Nation State) کے زمرے میں نہیں آتیں۔ ان میں دوسری مشترکہ خصوصیت یہ ہے کہ وہاں حکمفرما حکمران سیاسی مشروعیت سے عاری ہیں۔ یعنی انہیں عوامی مینڈیٹ حاصل نہیں ہے۔ ان ممالک میں حتی علامتی حد تک بھی ایک جمہوری نظام نہیں پایا جاتا۔ غاصب صہیونی رژیم سے ساز باز کرنے والے عرب ممالک کی تیسری مشترکہ خصوصیت یہ ہے کہ معیشت کے میدان میں یہ ممالک پیداوار کے مالک ہونے کی بجائے بیرون ملک سے درآمدات پر انحصار کرنے والے ہیں۔ یہ عرب ممالک خام مال برآمد کرکے اپنا بجٹ پورا کرتے ہیں اور روزمرہ ضروریات کی مصنوعات باہر کے ممالک سے درآمد کرتے ہیں۔ معیشت کے میدان میں ان ممالک کی زیادہ سے زیادہ سرگرمی دولت کے انتقال تک محدود ہے۔

لہذا متحدہ عرب امارات، بحرین، سوڈان، مراکش اور سعودی عرب جیسے ممالک، اصولوں پر مبنی آزاد اور عزت مندانہ خارجہ پالیسی وضع کرنے کیلئے کافی حد تک خود اعتمادی کے مالک نہیں ہیں۔ ایسے حالات میں ان ممالک کے حکمران اپنی مشروعیت، سکیورٹی اور ظاہری طاقت کا سرچشمہ ملک اور خطے سے کہیں باہر تلاش کرتے ہیں۔ یہ حکمران اپنا اقتدار باقی رکھنے کی خاطر واشنگٹن اور لندن کا دامن تھامتے ہیں اور بڑی مقدار میں اسلحہ اور فوجی ساز و سامان خرید کر اپنی سلامتی کو یقینی بنانے کی کوشش کرتے ہیں۔ ان عرب ممالک کے حکمران ان کرایہ داروں کی مانند ہے جن کا مالک مغربی سیاست دان ہیں اور یہ اپنی کرائے کی مدت بڑھانے کیلئے ان کی شرائط ماننے کے علاوہ کوئی چارہ نہیں رکھتے۔ اسرائیل کی غاصب صہیونی رژیم سے سفارتی تعلقات کی بحالی بھی درحقیقت اسی قسم کی شرائط میں سے ایک ہے۔

ماضی میں عرب حکمران کم از کم ظاہری طور پر فلسطین کاز اور مظلوم فلسطینی قوم کی حمایت (جاری ہے)

NOTICE FOR PRE-QUALFICIATION OF

CONTRACTRING FIRMS FOR

ENTERING INTO OPEN FRAME-WORK AGREEMENT.TSE180100.

Standardization of electric and diesel driven pumping machinery for use in Water Supply Schemes in PHE Department Balochistan.Public Health Engineering Department is planning to undertake the subject work to standardize the pumping machinery being used in water supply schemes.The standardization process for pre-qualification of manufacturers/ authorized dealers/supplier (Importer) shall be carried out in accordance with the BPPRA amended Rules 2019 "Public Procurement Open Frame Work Agreement" for the current financial year 2020-21.**Eligibility and Issuance:**The pre-qualification document will be issued to the manufacturers/ authorized dealers suppliers (Importer), fulfilling the basic eligibility criteria elaborated in instruction to applicants in section 3.3 of the pre-qualification document, along with non-refundable fee of Rs. 3000/- to be submitted through green challan under the head C-02725-02 in National Bank of Pakistan, City Branch, Jinnah Road Quetta. The document can also be viewed/downloaded from BPPRA website.**Submission:**The filled-up documents duly supported with the requisite information/detailed documents should be sent in a sealed envelope by hand or through registered mail/courier and reach the address of the undersigned not later than **12-01-2021**, between 0930 hours and 1600 hours PST during office hours.**Important Notes:**The envelope shall be clearly marked "Application for pre-qualification of contracting firms for entering into open frame-work agreement ".The Pre-qualified firms will be notified who subsequently will enter in to an Open Frame Work agreement for the current financial year 2020-21with the PHE department for participating in the bidding process throughout the province.PHE Department reserves the right to accept or reject any or all applications and no claim whatsoever in this respect shall be entertained.Block-7, PHE Department Civil Secretariat Zarghoon Road Quetta Ph: 081-9204009

Chief Engineer (P&D) Public Health Engineering Department

PRQ No.1581/24.12.2020

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

مولانا پر "پکا" ہاتھ ڈالنے کے منصوبے

PDM کے لاہور والے جلسے کی "ناکامی" کے بعد عمران حکومت پر اعتماد ہے کہ اپوزیشن کی دونوں

نصرت جاوید

بڑی جماعتیں قومی اور صوبائی اسمبلیوں سے مستعفی ہونے کے بجائے سینٹ کی مارچ 2021 میں خالی ہونے والی 52 نشستوں پر ہوئے انتخاب میں اپنی عددی قوت سے زیادہ حصہ لینے پر توجہ دیں گی۔ اس ضمن میں ان کی "مصروفیت" اسلام آباد کی جانب لانگ مارچ کو موثر کرنے کا باعث ہوگی۔ موسم بہار کے آغاز میں یہ مارچ ہو بھی گیا تو اپنے مقاصد حاصل نہیں کرپائے گا۔ ایوان بالا میں اکثریت حاصل کرنے کے بعد حکومت مزید مستحکم نظر آئے گی۔

قومی اور صوبائی اسمبلیوں سے مستعفی ہونے کے فیصلے کو محض بڑھک بازی شمار کرتے ہوئے پیپلز پارٹی کے رویے کو ذہن میں رکھا جارہا ہے۔ غیر جانبدار حلقے بھی وہ ٹھوس وجوہات (جاری ہے)

ہمارا جمہوری سفر (آخری قسط)

کے وعدے؟۔ کہاں گئے وہ بیرون ملک پڑے ہوئے دو سو ارب ڈالر واپس لانے کے دعوے؟۔

پروفیسر رفعت مظہر

کہاں گئی 2 روپے یونٹ بجلی، 45 روپے لٹر پٹرول جیسی بڑھکیں؟۔ کہاں گئی ریاست مدینہ اور کہاں گئی کشمیر کی آزادی؟۔ کہاں گئی آئی ایم ایف کے پاس جانے سے بہتر خودکشی (اب فرما رہے ہیں کہ آئی ایم ایف کے پاس جانے میں دیر کردی)؟۔ کہاں ہے ریاست مدینہ اور کہاں ہے نیا پاکستان؟۔ باتیں تو بہت لیکن "صاف چلی شفاف چلی" کے بارے میں کیا کہیں کہ وہاں تو صرف یوٹرن ہی بکتا ہے کیونکہ یوٹرن وزارتِ عظمیٰ تک لے جاتا ہے۔ ہم ہرگز یہ نہیں کہتے کہ اپوزیشن میں سب اچھا ہے۔ ہمارا مقدمہ تو یہ ہے کہ یہی اپوزیشن جب حکمران تھی تو اس کے کچھن بھی کچھ اچھے نہ تھے لیکن قوم اس سے اتنی مایوس بھی نہیں ہوئی جتنی کہ موجودہ حکومت سے۔ سروے بھی یہی بتا رہے ہیں کہ خاں صاحب کی مقبولیت روز بروز کم ہو رہی ہے۔ خاں صاحب نے یہ تو کہہ دیا کہ اپوزیشن جتنا جی چاہے زور لگا لے، وہ حکومت نہیں چھوڑیں گے اسی لیے اپوزیشن فوج پر دباؤ ڈال رہی ہے۔ ساتھ یہ بھی کہہ دیا کہ اگر اپوزیشن ایک ہفتے تک اسلام آباد میں دھرنا دے دے تو وہ مستعفی ہونے کے بارے میں سوچیں گے۔ اگر اپوزیشن کو یقین ہو کہ خاں صاحب اپنے اس بیان پر بھی یوٹرن نہیں لیں گے تو وہ ایک ہفتہ تو کیا ایک ماہ تک دھرنا دیئے بیٹھی رہے گی۔

پبلشر ڈاکٹر سلیم صادق نے شال پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
ایڈیٹر: محمد طاہر جمالدینی، سب ایڈیٹر: بجم بلوچ، فون نمبر 081-2470990 فیکس 081-2470991 ☆☆☆ بیورو چیف گوادر: عبدالغفور بلوچ، پتہ: ملت نیوز ایجنسی گوادر۔ موبائل نمبر: 0332-2364234 بیورو چیف اسلام آباد۔ جزاک اللہ فون نمبر 051-2271021 آفس نمبر 5 فرسٹ فلور علی پلازہ فضل حق روڈ بلو ایریا اسلام آباد

شال بقیہ 1
ملاقات میں ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل فیض حمید بھی موجود تھے۔ دریں اثناء وزیر اعظم نے تمام صوبائی چیف سیکرٹریز کو ہدایت دی ہے کہ صوبائی لینڈ ریکارڈ جلد سے جلد سروئیر جنرل کو مہیا کیا جائے۔ ماسٹر پلاننگ کے لیے جدید اور بین الاقوامی معیار کے طریقہ کار کو اپنایا جائے۔ جمعرات کو وزیر اعظم عمران خان کی زیر صدارت قومی رابطہ کمیٹی برائے ہاؤسنگ، تعمیرات و ڈیولپمنٹ کا ہفتہ وار اجلاس ہوا جس میں سروئیر جنرل آف پاکستان نے اجلاس کو کیڈسٹرل میپنگ (زمین کی پیمائش) کے حوالے سے بریف کیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ اسلام آباد، لاہور، کراچی، پشاور اور کوئٹہ میں میپنگ کا عمل جاری ہے۔ اس کے علاوہ دیگر چھوٹے شہروں اور دیہی علاقوں کا ڈیٹا موصول ہو چکا ہے جس کو ڈیجیٹائز کیا جا رہا ہے۔ اس عمل سے زمین کی اصل ملکیت کے تعین کے حوالے سے پیش آنے والے مسائل کا خاتمہ ہوگا اور بہتر منصوبہ بندی میں مدد ملے گی۔

شال بقیہ 2
لیڈر سردار اختر مینگل جو کل تک پنجابیوں کے خلاف اور آج ان کے اتحادی بنے ہوئے ہیں کیا یہ کھلا تضاد نہیں کہ کل تک غلط اور آج وہ صحیح ہے، لاپتہ افراد کے مسئلے پر سیاست کرنے والے ان کے ساتھ کھڑے ہیں جن کے دور سب سے زیادہ لوگ لاپتہ ہوئے ہیں اور جن کے دور میں سب سے زیادہ بازیاب ہوئے ہیں ان کے خلاف ہیں، پی ڈی ایم میں پیپلز پارٹی کے علاوہ تمام جماعتیں سینیٹ الیکشن کیلئے پریشان ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہم نیوز کو انٹرویو دیتے ہوئے کیا۔ وزیر اعلیٰ جام کمال نے کہا کہ سیاست کی آغاز میرے دادا اور پھر میرے والد اس کا حصہ رہے تو اس لئے میں نے بھی سیاست میں حصہ لیا بچوں میں میری ایک بیٹی کو سیاست کا شوق ہے شائد ہوا ہے دادا کے رہ قدم پر چل رہی ہو، میں کام پر یقین رکھتا ہوں کہ پہلے کام اور پھر اس کو دکھایا جائے، اعلان کیا جائے اور وہ مکمل نہ ہو سال دو سال بعد کا جواب بڑا مشکل ہوتا ہے۔

شال بقیہ 3
ذمہ داری ہے کہ اقلیتوں کو برابر کے حقوق دیں تاکہ ہمارا ملک ترقی کی منازل طے کر سکے۔ حکومت بلوچستان اقلیتی برادری کیلئے تمام تر اقدامات کر رہی ہے۔ تمام شعبہ ہائے زندگی میں اقلیتی برادری کی شمولیت ممکن بنانے کیلئے قانون سازی کے ساتھ ساتھ تمام اقدامات کر رہی ہے۔ اقلیتی برادری نے ہر موقع پر صوبے کی ترقی میں اپنا حصہ ڈالا ہے اور ان کی گراں قدر خدمات ہیں جو کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم فاصلوں کو مٹائیں اور ملک کی ترقی کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔ اگر ہم مل جل کر کام کریں گے تو ایک دن ہم بھی ترقی یافتہ اقوام کی صفوں میں شامل ہو سکتے۔ اسلام میں بھی اقلیتوں کے بارے میں واضح پیغام ہے کہ اقلیتوں کو کم تر اور کمزور نہ سمجھیں بلکہ زندگی کی تمام شعبوں میں برابری کی بنیاد پر انہیں شامل کریں۔ لہٰذا ہر اچھے مسلمان کو چاہئے کہ وہ اپنے ہمسائیوں کا خاص خیال کریں۔

شال بقیہ 4
ڈسچارج سے مشروط حکم امتناع لیا تھا جس کے تحت پاکستان کو ڈیڑھ ارب ڈالر غیر ملکی بینک میں جمع کرانا تھے جو نہیں کرائے گئے۔ جبکہ اٹارنی جنرل پاکستان کے دفتر نے یقین دہانی کروائی ہے کہ پاکستان تمام دستیاب قانونی وسائل استعمال کرتے ہوئے ان کارروائیوں کا بھرپور مقابلہ کر رہا ہے اور حکومت بھی اس معاملے کو خوش اسلوبی سے حل کرنے کے لیے مصروف ہے۔ کمپنی نے 20 نومبر کو ہرجانے کے نفاذ کے لیے ہائی کورٹ سے رجوع کیا تھا جس میں پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز انویسٹمنٹ لمیٹڈ (پی آئی اے آئی ایل) کے اثاثے کی شمولیت بھی شامل تھی۔ 16 دسمبر کو ہائی کورٹ نے پاکستان کا موقف سنے بغیر یکطرفہ طور پر اس پر حکم امتناع جاری کیا تھا تاہم حکومت اس کیس کی 7 جنوری 2021 کو ہونے والی سماعت میں پیروی کرے گی۔

شال بقیہ 5
اللہ مگسی اور انڈیو یجول لینڈز کی سربراہ گل مینہ بلال سمیت نوجوانوں کی ایک بڑی تعداد بھی موجود تھی۔ شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے گورنر بلوچستان نے کہا کہ تمام معاشی و معاشرتی سرگرمیوں میں نوجوانوں کی شرکت و شمولیت کو پالیسی سازی کا لازمی حصہ بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ گورنر یوتھ پروگرام اجراء صوبائی دارالحکومت کوئٹہ، خضدار، پشین، نوشکی، مستونگ اور خاران سمیت چھ مختلف اضلاع میں کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان اضلاع کا انتخاب یونیورسٹی آف بلوچستان، سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی اور بیوٹمز یونیورسٹی سمیت بلوچستان کی سرکاری یونیورسٹیوں کے سب کیمپسز کی موجودگی کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا گیا ہے۔ گورنر یاسین زئی نے نوجوانوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو بھی ریاست تنہا نہیں چھوڑے گی بلکہ آپ سب کے روشن اور ترقی یافتہ مستقبل کی ضامن ہے۔

شال بقیہ 6
ایم اے کا اب تک واضح ایجنڈہ سامنے نہ آ سکا، عوام حکومت کے ساتھ ہے، پی ڈی ایم کے جلسے ناکام ہو رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان سینیٹ انتخابات کے لئے دائر صدارتی ریفرنس کی حمایت کرتی ہے کیونکہ ہمیشہ سینیٹ انتخابات میں ہارس ٹریڈنگ ہوتی رہی ہے، اگر سینیٹ انتخابات میں اوپن بیلٹ یا شو آف ہینڈ ہوں تو انتخابی نظام میں شفافیت آئے گی، پی ڈی ایم نہ تو استعفیٰ دے سکتی ہے اور نہ ہی لے سکتی ہے دو جماعتیں جمہوری تحریک کی باتیں کر رہے ہیں جن کی اپنی پارٹیاں بکھر رہی ہے، مولانا فضل الرحمن کی اپنی جماعت جمیعت علماء اسلام میں کوئی ڈیموکریسی نہیں ہے۔

شال بقیہ 7
میر جام کمال علیانی کی قیادت میں کارکردگی ترقیاتی کاموں احتسابی عمل ضلع اور ڈویژن سطح پر بہتری گڈ گورننس عام شہری کو علاج معالجے کی بروقت فراہمی کھیل روزگار اور ترقیاتی کاموں کی عملی شکل دینے کیلئے کوشاں ہے پرانے ترقیاتی کاموں کی بروقت تکمیل بلوچستان کے وسائل و آمدنی میں اضافے مالی و انتظامی امور خدمات کی فراہمی کے شعبے میں بہتری اور پالیسی سازی کے عمل کو ہر صورت جاری رکھنا اولین ترجیح ہے دور حاضر کے تقاضوں اور ضروریات کو عوام تک پہنچانے کیلئے بھرپور اقدامات کیے جا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ ژوب روڈ کی تعمیر کا کام شروع ہو گیا ہے اور یہ روڈ نیشنل ہائی وے سردار یعقوب چھکنے سے لیکر سنگر بائی پاس تک تعمیر کر رہی ہے لہٰذا عوام اور ژوب روڈ کی تاجر برادری سے اپیل ہے کہ اگر وہ اپنے پانی کے نلکے وغیرہ لگانے کیلئے ژوب روڈ کی کھدائی کر کے نلکے لگانا چاہتے ہیں تو اب لگا لیں ورنہ روڈ تعمیر ہونے کے بعد اگر کسی نے روڈ پر کھدائی کر کے روڈ پر توڑ پھوڑ کرنے کی کوشش کی تو اس کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی۔

شال بقیہ 8
ہمراہ خود عدالت میں پیش ہونے کا بھی فیصلہ کیا ہے۔ گوادر باڑ اور صوبائی حکومت کے ماتحت جزائر کو وفاقی حکومت کے ماتحت لانے کے فیصلے کے خلاف بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل واضح موقف اختیار کیا ہے کہ وفاق ایک بار پھر بلوچستان اور سندھ کے ساحلی پٹی پر مکمل کنٹرول حاصل کرنے کی سازشیں کر رہا ہے۔ یہ کس قسم کی ترقی ہے جو مقامی لوگوں کو اپنی سرزمین پر جانے سے روکتی ہے۔ یہ ترقی نہیں بلکہ استحصال ہے اور ہم اسے کبھی قبول نہیں کریں گے۔ بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما ساجد ترین ایڈووکیٹ نے واضح کیا ہے کہ گوادر فروخت کے لئے نہیں ہے اور ہم کسی کو بھی بلوچستان تقسیم کرنے نہیں دیں گے۔ دریں اثناء بلوچستان بار کونسل نے گوادر میں باڑ لگانے کے خلاف بلوچستان ہائی کورٹ میں آئینی درخواست دائر کر دی۔

شال بقیہ 9
ہر ممکن سہولیات فراہم کی جائے تاکہ بین المذہبی ہم آہنگی کو مزید فروغ دیتے ہوئے رواداری اور بھائی چارے کی فضا کو مزید مربوط اور مستحکم بنایا جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر حاجی مٹھا خان کاکڑ نے مسیحی برادری سے تعلق رکھنے والے افراد سے اپنے دفتر میں ملاقات کے موقع پر کی۔ مٹھا خان کاکڑ نے کہا کہ پاکستان کی تعمیر و ترقی میں اقلیتی برادری کا اہم کردار ہے۔ ملک سے انتہا پسندی اور دہشتگردی کے مکمل خاتمے کے لیے ہر مکاتب فکر کو ایک دوسرے کی مذہبی آزادی کا بھرپور خیال رکھنا ہوگا۔ بلوچستان حکومت نے کرسمس کے موقع پر مسیحی برادری سے تعلق رکھنے والے ملازمین کو اس ماہ کی تنخواہوں کی پیشگی ادائیگی کے احکامات جاری کئے ہیں تاکہ وہ اپنے مذہبی تہواروں کو اپنے اہل خانہ کے ساتھ باخوبی طریقے سے ادا کر سکیں۔ پاکستان میں بسنے والی مسیحی برادری کی ملک کی تعمیر و ترقی کے لیے خدمات قابل ستائش ہیں۔

شال بقیہ 10
خلاف نفرت انگیز بیانیے کا پردہ چاک کر دیا۔ سینیٹر شبلی فراز نے کہا کہ آف کام کا نوٹس بھارت کی عالمی سطح پر رسوائی کا مظہر ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ سیکولرازم کا پرچارک بھارت انتہا پسندی اور دہشت گردی کا مرکز بن چکا ہے۔

شال بقیہ 11
سواتی نے کہا کہ اگلے دو سے تین روز میں پاکستان، افغانستان اور ازبکستان کے درمیان ہائی اسپیڈ مسافر اور کارگو ٹرین کے منصوبے کے معاہدے کو حتمی شکل دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ازبکستان اور افغانستان کے صدور نے پہلے ہی اس معاہدے پر دستخط کر دیے ہیں، جلد وزیر اعظم عمران خان بھی اس معاہدے پر دستخط کریں گے۔ ایک سے دو روز میں معاہدے کو حتمی شکل دینے کے لیے ازبکستان سے نائب وزیر اعظم یا وزیر ٹرانسپورٹ کی قیادت میں وفد پاکستان آئے گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ ساڑھے 4 ارب ڈالر مالیت کا منصوبہ ہے جس کی عالمی بینک نے منظوری دی ہے، جبکہ 2018 میں اس خیال کو پیش کیا گیا تھا۔ اعظم سواتی نے معاہدے کو تینوں ممالک کے لیے 2020 کی سب سے اچھی خبر قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس منصوبے کی سب سے بڑی افادیت یہ ہے کہ نہ صرف پاکستان اور افغانستان بلکہ جتنے وسطی ایشیائی ممالک ہیں ان میں ٹرانسپورٹ کی سہولیات بہتر ہوں گی۔

شال بقیہ 12
ہوئے انہوں نے کہا کہ پاسپورٹ آفس میں 120 دن کا ٹارگٹ رکھا ہے، ایک ماہ کے اندر اندر تمام افسران کو واپس بلانے کا کہا ہے، امیگریشن کے افسران کو واپس بلا کر نئے افسران تعینات کرنے ہیں، اب پاسپورٹ دس سال کیلئے ملا کرے گا یکم جنوری سے پاسپورٹ کی مدت 10 سال ہو گی، نیا ای پاسپورٹ کا نظام لا رہے ہیں، پاسپورٹ ایس ایم ایس سروس شروع کی جا رہی ہے، 6 ماہ پہلے پاسپورٹ کی مدت ختم ہونے سے پہلے میسج آئے گا، 191 ممالک میں ای پاسپورٹ سسٹم شروع کر رہے ہیں، اسمگل پیٹرول کی خرید و فروخت ایک ہفتے میں ختم ہوگی۔

شال بقیہ 13
انہوں نے کہا کہ دنیا بھر کو دہشت گردی اور امن و امان کی صورت میں درپیش سنگین خطرات سے نمٹنے کے لئے حضرت عیسیٰ کے امن و سلامتی کے پیغام کو عام کرنے کی ضرورت ہے، وزیر اعلیٰ نے کہا کہ مسیحی برادری ملک و قوم کی تعمیر و ترقی کے لئے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لا رہی ہے اس حوالے سے ان کا کردار قابل تحسین ہے، حکومت صوبے میں آباد تمام اقلیتوں بشمول مسیحی برادری کے حقوق کے تحفظ کو یقینی بنا رہی ہے، ملازمتوں میں اقلیتوں کے لئے مختص کوٹہ پر عملدرآمد کیا جا رہا ہے اور مسیحی برادری سمیت ملک اور بلوچستان میں بسنے والی دیگر تمام اقلیتوں کو اپنی مذہبی عبادات کی ادائیگی کی مکمل آزادی حاصل ہے جس کی مثال دنیا بھر میں نہیں ملتی۔ وزیر اعلیٰ نے مسیحی برادری پر زور دیا ہے کہ وہ اپنی خوشیوں میں ان افراد کو بھی شریک رکھیں جو کرسمس منانے کی استطاعت نہیں رکھتے اور اپنی عبادات میں ملک و قوم کے استحکام اور خوشحالی کے لئے خصوصی دعائیں مانگیں۔

شال بقیہ 14
کی بدولت قوم کو غلامی سے نجات دلائی اور پاکستان کی صورت میں ایک آزاد اور خود مختار مملکت حاصل کی گورنر یاسین زئی نے کہا کہ آئیے آج یہ عہد کریں کہ اپنے قائد کے بتائے ہوئے اصولوں کے مطابق اپنے ملک کی تعمیر و ترقی میں بھرپور حصہ لیں گے۔ انہوں نے کہا کہ قائد اعظم محمد علی جناح کو خراج عقیدت پیش کرنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ ہم نہ صرف ان کے بتائے ہوئے اصولوں پر کاربند رہیں بلکہ پاکستان کی سربلندی کیلئے خلوص نیت سے کام کرتے رہیں۔

شال بقیہ 15
ہوئے انہوں نے کہا کہ ہر شخص اور ہر ادارے نے اپنی آئینی حدود میں رہ کر کام کرنا ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سلیم مانڈوی والا سمیت سینیٹ کے تمام ارکان قابل احترام ہیں، پارلیمنٹ میں قانون سازی کرتی ہے، قانون پسند نہیں تو ترمیم کر لیں۔ انہوں نے کہا کہ کسی ادارے کے افسر کو پن پوائنٹ کرنا مناسب نہیں، اگر کوئی رکن کسی کو چیک دے اور وہ باؤنس ہو تو ایس ایچ او ایف آئی آر دے گا۔ شہزاد اکبر نے کہا کہ اگر ایف آئی آر ہو تو کیا رکن پارلیمنٹ کہے گا کہ میرا استحقاق متاثر ہوا ہے اور پارلیمنٹ میں بلا لیں گے؟ سابق وزیر اعظم نواز شریف کے حوالے سے بات کرتے ہوئے شہزاد اکبر نے کہا کہ برطانیہ سے ڈی پورٹیز کی فلائٹ کا نواز شریف کے معاملے سے کوئی تعلق نہیں تھا۔

شال بقیہ 16
عرب امارات میں بتایا گیا کہ ویزا پابندیاں عارضی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے مستقل مندوب نے اقوام متحدہ مبصرین اور گاڑیوں پر حملے کے حوالے سے سلامتی کونسل صدر اور اقوام متحدہ جنرل سیکرٹری کو خط لکھا، بھارت کو روسی سفارت کاری کی نصیحت کو سمجھنا چاہیے۔

شال بقیہ 17
موقع پر انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان روز اول سے ایک بحران زدہ مملکت ہے پاکستان کے بننے کیساتھ ہی یہاں مسلسل واقعات، المیے، اور سانحات جنم لیتے رہے ہیں اور ملکی سیاست اور نظام ان واقعات کے گرد گھومتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے مسائل پارلیمنٹ کے اندر حل ہونے چاہیے مگر افسوس یہاں سیاست اور پارلیمنٹ پر گرفت مضبوط رکھنے اور اپنی پالیسوں کو آگے بڑھانے کیلئے اسٹیبلشمنٹ نے جعلی سیاسی قیادت تیار کی اور جب سیاسی قیادت پختہ ہوئے ان کے نعم البدل میں ان لوگوں کو سامنے لایا گیا جو ملکی معاملات کو نہیں سمجھتے ہیں جس کی وجہ سے ملک بحران کا شکار ہے اور ملک میں ہونے والے کسی بھی المیہ کے ذمہ دار اسٹیبلشمنٹ اور اس کے آلہ کار سیاست دان ہوں گے۔

شال بقیہ 18
زیارت، بارکھان اور قلعہ سیف اللہ میں بارش اور پہاڑوں پر برفباری کی توقع ہے۔

شال بقیہ 19
پولیس اور بی ایریا میں لیویز کے جوان سیکورٹی کے فرائض سر انجام دیں، والدین، علماء کرام، سول سوسائٹی محکمہ صحت کے ٹیموں کے ساتھ تعاون کریں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے ضلعی آفیسران کے منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا، اسسٹنٹ کمشنر سبی میر محمد اسماعیل مینگل، اے ایس پی سی ارسلان زاہد، ڈی ایچ او صحت ڈاکٹر اکبر سومرو، ایم ایس ڈاکٹر رفیق مستوئی، چیف آفیسر میونسپل کمیٹی سبی میر محمد اسلم لغاری، ڈاکٹر محمد رفیق کھتگری اور دیگر نے شرکت کی اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر اکبر سومرو نے اجلاس کے شرکاء کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ضلع سبی کے پچیس یونین کونسل میں 45 ہزار سے زائد پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائیں جائیں گے۔

شال بقیہ 20
میں مزید اضافہ ہوا ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ پارلیمانی سفارتکاری اہم دوطرفہ روابط کو مضبوط بنانے میں موثر کردار ادا کرتی ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ دونوں ملکوں کے مابین ادارہ جاتی معاونت کو مزید مستحکم بنانے کی ضرورت ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ عوامی سطح پر دوطرفہ روابط کو مزید استحکام دینے سے دیرینہ شراکت داری مزید مضبوط ہوگی۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ سی پیک دونوں ملکوں کے مابین برادرانہ تعلقات کے استحکام اور علاقائی ترقی کیلئے مشترکہ وژن کا نتیجہ ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ سی پیک خطے بلکہ علاقائی خوشحالی اور تعمیر و ترقی کا خواب شرمندہ تعبیر کرنے کی بھرپور استعداد رکھتا ہے۔ چینی سفیر نے کہا کہ پاکستان چین کیلئے انتہائی اہم ملک ہے، دونوں ملکوں کا ترقی و خوشحالی کا وژن مشترکہ ہے۔ چینی سفیر نے کہا کہ سی پیک کے منصوبے سے یہ خطہ بین الاقوامی تجارت کا مرکز بن جائیگا۔

شال بقیہ 21
اور برصغیر کے مسلمانوں کو علیحدہ وطن حاصل ہوا، انہوں نے کہا کہ پاکستان خصوصاً بلوچستان کو قائد کے وژن کے مطابق بنانے کیلئے سب کو اپنا کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے، بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ اس مشن کی تکمیل کیلئے دن رات کوشاں ہے اور ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاروں کو بلوچستان کی جانب بھرپور طریقے سے راغب کر رہا ہے، اسکے علاوہ سرمایہ کاروں اور بزنس کمیونٹی کو ہر قسم کی مراعات و سہولیات بھی فراہم کر رہا ہے، اس سلسلے میں کئی اقدامات اٹھائے گئے ہیں جبکہ وزیر اعلیٰ جام کمال کی قیادت میں صوبائی حکومت کی بھرپور معاونت و سرپرستی بھی حاصل ہے، انہوں نے کہا کہ قائد اعظم کے یوم پیدائش پر ہمیں یہ عہد کرنا ہوگا کہ پاکستان کو خوشحال و ترقی یافتہ بنانے کیلئے اپنی تمام صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں گے۔

شال بقیہ 22
باضی میں نہیں ملتی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان کی خصوصی دلچسپی سے بلوچستان کے کھیل اور کھلاڑی کو دنیا بھر میں پذیرائی مل رہی ہے۔ 2021 میں آل پاکستان چیف منسٹر گولڈ کپ فٹ بال آل پاکستان چیف منسٹر گولڈ کپ ہاکی کوئٹہ پریمیئر لیگ 23 مارچ 14 اگست کے فیسٹیول کے علاوہ مارشل آرٹس چیمپئن شپ کوئٹہ گیمز، ڈسٹرکٹ اور ڈویژنل گیم جو کہ تمام ڈسٹرکٹ اور ڈویژن میں منعقد کئے جائیں گے، وومن فلسال، رمضان المبارک فلسال کپ، فرسٹ وومن گیمز، اسکول اور کالج کے بچوں کے لیے انڈر 19 اور انڈر 17 کے علاوہ کئی اور ایونٹس کا پلان بنا رہے ہیں۔ جس کے لئے مشیر کھیل کی مکمل حمایت اور سرپرستی حاصل ہے۔ میر عمران بگٹی کا مزید کہنا تھا کہ محکمہ کھیل و امور نوجوانان بلوچستان جلد ہی سال 2021-22 کا کیلنڈر ڈائریکٹر جنرل کھیل سے مشاورت کے بعد جاری کرے گا۔

شال بقیہ 23
اس موقع پر لازم ہے کہ تمام انسان صلح و آشتی اور تمام انسانیت کیلئے نیک خواہشات اور امن کا اظہار کرے اور انسانوں کے مابین پائی جانیوالی تضادات کو باہمی احترام اور برابری و انصاف کے اصولوں کے تحت حل کرے اور ظلم و ناانصافی اور نابرابری کیخلاف متحد و منظم ہو جائیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ پشتونخوا میپ تمام اقلیتوں کی تہواروں کا احترام کرتی ہے اور پارٹی ہمیشہ اقلیتی برادری کے ہر دکھ درد میں ساتھ کھڑی رہی ہیں، پارٹی حکومت کا جب حصہ رہی تو باقاعدہ طور پر اقلیتی برادری کو کونسلر سے لیکر اسمبلی کی رکنیت تک نمائندگی دی گئی تھی اور ہر ضلع و علاقہ میں اقلیتی برادری کے مسائل کو حل کرنے کے ساتھ ساتھ ان کے کمیونٹی ہالز، گرجاگروں کی تعمیر و ضروریات پوری کرنے، روزگار دینے، انسانی زندگی کی بنیادی ضروریات گیس، بجلی، پانی، روزگار کی فراہمی کو یقینی بنانے، سڑکوں، گلیوں، نالیوں کی تعمیر و پختگی، سٹریٹ لائٹس کی تنصیب اور مستحقین میں تعلیمی وظائف، میڈیکل فنڈز اور سپورٹس کلبوں و کھلاڑیوں کیلئے فنڈز اور کھیلوں کے سامان تقسیم کیے گئے ہیں۔

شال بقیہ 24
لئے دن رات جدوجہد کریں تاکہ محکمہ واسا بھی باقی محکموں کی طرح ایک مثالی محکمہ ثابت ہو۔ انہوں نے ایم ڈی واسا اور محکمہ کے آفیسران کو ہدایت دی کہ وہ کوئٹہ کے شہریوں کو صاف پانی کے فراہمی کے لئے موثر اقدامات کریں تاکہ عوام کو بروقت صاف پانی میسر ہوں جبکہ دوسرے جانب ایم ڈی واسا نے سیکرٹری پی ایچ ای کو محکمہ واسا کے مشکلات کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی جس پر سیکرٹری پی ایچ ای نے یقین دلایا کہ واسا کے مشکلات کے حل کے لئے ہر ممکن اقدامات اٹھائینگے۔

شال بقیہ 25
انسپکٹر علی حسن مغیری نے پولیس نفری کے ہمراہ چھاپے مارتے ہوئے موٹر سائیکل چوروں کے گینگ کے اہم کارندے عبدالحمید کو گرفتار کر کے ڈیرہ مراد جمالی سے حاکم علی عمرانی کی چوری شدہ تین موٹر سائیکل برآمد کر لے جبکہ منشیات کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے علی دوست سے دو کلو جبکہ صوبہ خان سے تین کلو پختہ چرس برآمد کر کے مقدمات درج کر لیے گئے ہیں۔

شال بقیہ 26
تعلقات کے فروغ کی کاوشوں کو سراہا۔ چینی سفیر نے کہا کہ سی پیک کے حوالے سے مسلم لیگ (ن) کے تجربے اور صلاحیت کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ سی پیک کے عمل میں تاخیر افسوسناک ہے، پاکستان کے عوام اس میں تیزی دیکھنے کے خواہاں ہیں، پاکستان اور چین کے درمیان مضبوط اور گہرے تعلقات خطے اور عالمی امن کے لئے اہم ہیں۔ احسن اقبال نے کہا کہ سی پیک کو پاکستان اور خطے کے لئے گیم چینجر منصوبہ تصور کرتے ہیں، پاکستان اور چین آئرن برادرز اور باہمی اعتماد دوست ہیں۔ پارٹی رہنماؤں نے تعزیت اور ہمدردی کے پیغام پر چین کی حکومت، عوام اور چین کے سفیر کا شکریہ ادا کیا۔ مریم اورنگزیب نے کہا کہ ہمارے دور میں پہلے پاک چائنا کلچرل ایکسچینج معاہدے پر دستخط ہوئے تھے، ہم سی پیک کو معاشی ترقی کے منصوبے سے ثقافتی شراکت داری کے اگلے مرحلے پر لے گئے تھے۔ چین کے سفیر نے محمد نواز شریف اور شہباز شریف کی والدہ کے انتقال پر بھی اظہار تعزیت اور ہمدردی کی، چین کے سفیر نے چین کی حکومت کی جانب سے سوگوار خاندان کے لئے تعزیت کا پیغام بھی پہنچایا۔

شال بقیہ 27
ٹیشن او رٹی کے ایف کی طرف سے ضلع جھل مگسی کی چار یونین کونسلوں میں کام کر رہے ہیں ہم نے ڈور ٹو ڈور کام کر کے ان کی اسسمنٹ کی ہے اور اب تحصیل گنداواہ کے سات سو کسان متاثرین کو یوریا، کھاد اور جانوروں کی خوراک دے رہے ہیں جبکہ اس موقع پر تحصیل گنداواہ کے زمیندار میر جان بیگ دیناری نے کہا ہے کہ صوبائی وزیر آبپاشی نوابزادہ میر طارق خان مگسی اور ضلعی جنرل سیکرٹری میر محمد اسلم خان مگسی کی دن رات کوششوں سے ضلع جھل مگسی گنداواہ میں کام کرنے والے این جی اوز IRC اور Tkf کی کارکردگی قابل تعریف ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ٹی کے ایف کی جانب سے غریب کسانوں میں کھاد بیج کی تقسیم کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا انھوں نے کہا Tkf این جی او نے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں عوام کی بلاتفریق خدمت کی اور کر رہے ہیں۔

شال بقیہ 28
کچلاک بائی پاس پر ٹرک الٹنے سے تین افراد زخمی ہو گئے پولیس نے زخمیوں کو فوری طور پر طبی امداد کیلئے ہسپتال منتقل کر دیا مزید کارروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 29
ایک سیکورٹی اہلکار شہید ہو گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سیکورٹی فورسز نے آواران کے علاقے سیلکور میں دہشتگردوں کی موجودگی کی اطلاع پر کارروائی کا آغاز کیا تو وہاں موجود دہشتگردوں نے سیکورٹی پر فائرنگ کر دی، فورسز کی جوابی کارروائی میں ایک دہشتگرد ہلاک جبکہ دوسرے کو گرفتار کر لیا گیا فائرنگ کے تبادلے میں حوالدار شعیب شہید ہو گیا آئی ایس پی آر کے مطابق دہشتگردوں کے ٹھکانے سے اسلحہ، گولہ بارود اور مواصلاتی آلات برآمد کر لیے گئے۔

شال بقیہ 30
مطابق لیویز فورس نے آواران کے علاقے گیشکور میں دوران چیکنگ ایک مشکوک موٹر سائیکل کو روک کر تلاشی لے کر موٹر سائیکل کے خفیہ خانوں سے ایک کلو چرس دو کلو افیون اور 80 گرام شیشہ برآمد کر لیں اور دو ملزمان مولابخش ولد جنگو قوم بلوچ ساکن جھل جھاؤ، اسلم ولد فتح محمد ساکن جھل جھاؤ تحصیل جھاؤ کو گرفتار کر کے برآمد شدہ منشیات کے ہمراہ گیشکور پولیس کے حوالے کر دیا مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

شال بقیہ 31
31 دسمبر کو طلب کر لیا، جمعرات کو اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر عبدالقدوس بزنجو نے اپوزیشن کے 19 ارکان کے دستخطوں سے جمع کروائی گئی اسمبلی اجلاس طلب کرنے کی ریکوزیشن کی درخواست پر اسمبلی کا اجلاس 31 دسمبر کو سہ پہر 3 بجے طلب کر لیا ہے۔

شال بقیہ 32
مولانا فضل الرحمان کو فون کیا جس میں مولانا فضل الرحمن کو گڑھی خدا بخش جلسے میں شرکت کی دعوت دی، صدر آصف علی زرداری اور مولانا فضل الرحمان کے درمیان ملک کی مجموعی سیاسی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا گیا، صدر آصف علی زرداری اور مولانا فضل الرحمان کے درمیان حکومت مخالف تحریک کے حوالے سے بھی اہم بات چیت کی گئی، صدر آصف علی زرداری نے مولانا فضل الرحمان کو شہید بے نظیر بھٹو کے یوم شہادت پر گڑھی خدا بخش میں ہونے والے جلسے میں شرکت کی دعوت دی۔

شال بقیہ 33
نے حکومت سے 62 ہزار طلباء کی فیس ادائیگی کیلئے ایک ارب 13 کروڑ روپے مانگ لئے۔ ذرائع کے مطابق کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی 50 ارب روپے جاری کرنے کی منظوری دے گی، پیپلز پارٹی حکومت کی جانب سے 2012 شروع اسکیم سے ایک لاکھ 84 ہزار طلباء کو فائدہ ہوا، ایم اے، ایم فل اور پی ایچ ڈی کرنے والے طلباء کی تعلیمی فیس ادا کی گئی، تبدیلی سرکار نے جولائی 2019 میں اسکیم بند کر دینے کی ہدایات جاری کر دیں تھیں۔

شال بقیہ 34
ویکسین کی خریداری کے لیے بنائی گئی کمیٹی کا ہدف کم قیمت پر جلد از جلد ویکسین مہیا کرنا ہے۔ ٹوئٹر پر جاری بیان میں فواد چوہدری نے کہا کہ کورونا ویکسین خریداری پر کابینہ کمیٹی کا پہلا اجلاس گزشتہ روز ہوا، ویکسین کی پاکستان میں درآمد پیچیدہ اور اہم معاملہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ کمیٹی کا ٹارگٹ ہے کہ بہترین ویکسین کم قیمت پر پاکستان میں جلد از جلد مہیا ہو سکے، قیمت سے زیادہ اہم ویکسین کا مکمل محفوظ ہونا ہے اور معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔

شال بقیہ 35
کر گئیں۔ ٹوئٹر پر جاری بیان میں وزیر اعظم نے کہا کہ میں سمندر پار مقیم پاکستانیوں کا مشکور ہوں، ان کی جانب سے مرکزی بینک کے روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ کے ذریعے ارسال کردہ رقوم ماشاء اللہ 200 ملین ڈالر سے تجاوز کر گئیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ترسیل زر میں تیزی آ رہی ہے، پہلے 100 ملین ڈالر 76 جب کہ اگلے 100 ملین ڈالر محض 28 روز میں وطن پہنچے۔

شال بقیہ 36
بھی شخص کو بغیر چیکنگ کے چرچ میں داخل نہیں ہونے دیا جائیگا جبکہ کوئٹہ شہر میں خصوصی ناکہ جات قائم کرنے کے ساتھ ساتھ شہر کے داخلی و خارجی راستوں پر بھی اضافی نفری تعینات کر کے سخت چیکنگ کی جائیگی پولیس حکام کے مطابق یوم قائد کی مناسبت سے منعقد کی جانے والی سرکاری تقریبات کو بھی فول پروف سیکورٹی مہیا کی جائے گی۔

شال بقیہ 37
عبدالقہار آغا، عبدالجبار خان، حاجی افضل ہنگورزئی، یوسف بدوزئی، خالق داد، ملک مصطفیٰ شاہوانی، بشیر علی، ضیاء، حاجی ولی محمد رئیسانی اور صدیق اللہ آغا کے ہمراہ پی ڈی ایم کی نمائندہ وفد سے ملاقات کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ پی ڈی ایم کے وفد میں عبدالرحیم زیارتوال، نصر اللہ زیرے، ملک عبدالولی کاکڑ، خیر جان بلوچ، حاجی بشیر احمد کاکڑ، جلیل خان بازئی، نصیر احمد اچکزئی، عصمت اللہ سالم، نجیب اللہ عابد، جمال الدین رشتیا، حاجی نذر علی پیر علی زئی و دیگر شامل تھے۔ ملک نصیر احمد شاہوانی اور حاجی عبدالرحمن بازئی نے کہا کہ بلوچستان میں زمیندار بہت بڑی قوت ہے کیونکہ نہ صرف بلوچستان بلکہ پاکستان میں اکثریت لوگ زراعت کے شعبے سے وابستہ ہے، بلوچستان میں 75 فیصد لوگوں کا ذریعہ معاش زراعت ہے، خوش آئند بات ہے۔

شال بقیہ 38
ثبوت سبز ہلالی پرچم میں سفید نشان ہے بلوچستان حکومت نے کرسمس کی خوشیاں دوبالا کرنے لئے 15 سو سے زائد غریب، نادار، مستحقین، معذور اور بیوہ مسیحی برادری کیلئے امدادی چیک تقسیم کئے وزیر اعلیٰ جام کمال کی قیادت حکومت صوبے میں رہنے والے تمام اقلیتی برادری کے فلاح بہبود اور حقوق دینے کے لئے جنگی بنیادوں پر اقدامات کر رہی ان خیالات اظہار انہوں نے سیکرٹریٹ میں مسیح برادری میں امدادی چیک تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر صوبائی وزراء حاجی محمد خان لہڑی، نوابزادہ طارق مگسی سمیت دیگر شریک تھے۔

شال بقیہ 39
الدین لہڑی، ایڈیشنل سیکرٹری لاء نور حسین بلوچ، ایڈیشنل سیکرٹری فنانس حبیب الرحمن جاموٹ، ڈائریکٹر جنرل آڈٹ نصر اللہ جان، پی اینڈ ڈی کے جوائنٹ چیف اکنامسٹ خدائیداد کاکڑ سمیت دیگر نے شرکت کی اس موقع پر چیئرمین پی اے سی کی اجازت سے وزیرستان سے مطالعاتی دورے پر آئے ہوئے طلباء نے بھی کمیٹی کی کارروائی دیکھی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی اختر حسین لانگو نے کہا کہ تربت اور قلعہ سیف اللہ میں ترقیاتی سکیموں کے لئے ٹیکنیکل منظوری کے بغیر 320.19 ملین کا بجٹ ریلیز کیا گیا تھا اس ماہ پہلے ایک مہینے کا وقت دیا گیا تھا لہٰذا آج کمپلائنس پر محکمہ اپنی رپورٹ جمع کروائے انہوں نے کہا کہ محکمے نہ محکمانہ اکاؤنٹس کمیٹی (ڈی اے سی) کے فیصلوں پر عمل کرتے ہے نہ ہی کرنا چاہتے ہیں آفیسران کی غفلت انتہا کو پہنچ چکی ہے عجیب لگتا ہے کہ ڈی اے سی کے لئے محکمہ کا سربراہ آفیسران کو بلاتا ہے اور آفیسران میٹنگ میں شرکت سے گریز کرتے ہیں۔

شال بقیہ 40
جن میں عوام کی فلاح و بہبود کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں باڑ سے لوگوں میں نفرت بڑھے گی بلوچستان عوامی پارٹی کے سینیٹر کہدہ بابر گوادر سے متعلق اپوزیشن جماعتوں کے موقف کو مسترد کیا اور کہا کہ بلا جواز تنقید سے مسائل بڑھ رہے ہیں حکومت کی کوشش ہے۔

شال بقیہ 41
چارے کا سبق دیا ہے کامل مرشد ہر وقت ہر جگہ اپنے مریدوں کی مدد کیلئے تیار ہوتا ہے کبھی بھی وقت اپنے دل کو خدا کی یاد سے غافل نہ رہیں خود بھی پانچ وقت نماز پڑھیں اور اپنے اہل خانہ کو بھی نماز قائم کرنے کی تلقین کریں یہ فانی دنیا ایک خواب کے مثل ہے یہاں کسی کو رہنا نہیں ہے روز محشر سب کو اپنا حساب دینا ہوگا ہمیشہ اللہ تعالیٰ سے معافی کا طلبگار رہیں مالک مہربان صدقے غوث اعظم جیلانی قطب ربانی ضرور مغفرت فرمائے گا پیران پیر غوث اعظم جیلانی کا سلسلہ وسیع ہے جہاں دل چاہے مرشد سے فیض حاصل کر کے اس سلسلے میں شامل ہو جائے یہ بات صدیوں پہلے ثابت ہو چکی ہے کہ دستگیر بادشاہ کے پرہیزگار مریدوں کو کوئی مشکل پیش آئے تو مرشدان کی مدد کیلئے پہنچ جاتے گا اور اللہ تعالیٰ اپنے حبیب کے صدقے ان مشکلات و مصیبتوں کو دور فرمائے گا آخر میں امت مسلمہ اور پیارے وطن کی حفاظت کیلئے خصوصی دعا مانگی گئی اس موقع پر دور دراز سے ہزاروں کی تعداد میں مریدوں و عقیدت مندوں نے شرکت کی اور لنگر فی سبیل اللہ تقسیم کیا گیا۔

شال بقیہ 42
نے کہا کہ کرسمس کا دن ہمیں ایثار، قربانی اور امن کا درس دیتا ہے یہ دن ہمیں اپنی ذمہ داری کی یاد دلاتا ہے، بحیثیت انسان اپنے ہم وطن انسانوں کے لئے اپنا مدد گار ہاتھ بڑھائے اور ان کے دکھوں کو دور کرنے کے لئے پوری کوشش کرے۔ انہوں نے کہا مسیحی برادری ہمارے معاشرے کا لازمی جزو ہے اور ہمیں ملک کی سماجی و اقتصادی ترقی میں ان کے تعاون پر فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت صوبے میں آباد تمام اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کے لئے پرعزم ہے۔

شال بقیہ 43
تیز اور موثر بنایا جائے سستی کا مظاہرہ کرنے والے مانیٹرنگ آفیسران کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی بچوں کے مستقبل پر کسی قسم کی رعایت کی ہرگز توقع نہ رکھی جائے تمام متعلقہ آفیسران اور اسٹاف اس قومی فریضے کی ادائیگی میں اپنی خصوصی توجہ مبذول کریں۔

شال بقیہ 44
کے مقام پر ایرانی حکام سے ملاقات۔ پاکستانی وفد میں اسسٹنٹ کمشنر تفتان عصمت اللہ اچکزئی، تفتان رائفلز 109 ونگ کے کیپٹن عامر، نائب رسالدار میر الٰہی بخش نوتیزئی اور آر پی حوالدار محمد ایاز شامل تھے جبکہ ایرانی دورکنی وفد میں مرزبان گریڈ 2 محمد قاسم ہیری، نمائندہ مرزبان نیازی کاکھی شامل تھے۔ ملاقات میں زیرو پوائنٹ گیٹ کی بندش اور دیگر بارڈر امور پر بات چیت کی گئی۔

شال بقیہ 45
کہ پڑھا لکھا وژن موجودہ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں موجودہ حکومت تعلیم کے فروغ کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے تاکہ بلوچستان کے لوگ تعلیم یافتہ ہوں اور دوسرے صوبوں کا مقابلہ کر سکیں لسبیلہ کے نوجوانوں میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں صرف حوصلہ افزائی چاہیئے۔

شال بقیہ 46
تعطیل کی وجہ سے چونکہ بینک بند رہیں گے لہٰذا ادائیگیاں 31 دسمبر کو کیجارہی ہے۔

شال بقیہ 47
نام پر اربوں روپے شیر مادر سمجھ کر ہڑپ کرنے والے شہر کے ٹریفک سگنل تک ٹھیک نہ کر سکے بلدیہ کوئٹہ میں ٹریفک کا نظام درہم برہم کئی شاہراہوں پر گھنٹوں گھنٹوں تک ٹریفک جام رہتی ہے بلوچستان کی صوبائی حکومت کی طرف سے عوام کی بہبود اور بہتری کیلئے کئے گئے اقدامات کے دعوے دھرے کے دھرے رہ گئے، کوئٹہ شہر گوناگوں مسائل کا شکار ہے، ٹریفک کا مسئلہ روز بروز گھمبیر ہوتا جا رہا ہے اور ہر علاقے میں ٹریفک جام رہنے سے شہریوں کو منٹوں کا سفر گھنٹوں میں طے کرتے ہیں، ٹریفک اشاروں کی بتیاں خراب ہیں یا نہیں ہیں اب ٹریفک پولیس کے اہلکار شدید سردی میں مختلف چوکوں پر کھڑے ہو کر ٹریفک کو ہاتھ کے اشاروں سے چلا رہے ہیں آج عوام پوچھنے کا حق رکھتے ہیں کہ "سیف سٹی" اور نیو سٹی کے منصوبے کہاں گئے ایک محتاط اندازے کے مطابق، کوئٹہ کی آبادی 35 لاکھ کے لگ بھگ ہے اور صوبے کا مرکزی شہر ہونے کے ناطے صوبے کے بیشتر اضلاع کے لوگ یہاں کسی نہ کسی کام کے سلسلے میں آتے رہتے ہیں لیکن اس کے باوجود شہر کو ترقی تو دور کی بات ہے ٹریفک نظام تک ٹھیک نہ کر سکے جس کی وجہ سے عام شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔

شال بقیہ 48
میں جمعیت کے مرکزی قائدین کو پارٹی فیصلے سے آگاہ کیا جا چکا ہے۔ بیان میں پارٹی ضلع پشین کے کارکنوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ پی بی 20 پشین III کی خالی نشست پر ہونیوالی ضمنی انتخاب میں جمعیت علمائے اسلام کے امیدوار کی کامیابی کو یقینی بنانے کیلئے مشترکہ انتخابی مہم میں اپنا کلیدی کردار اور فریضہ ادا کریں۔

شال بقیہ 49
سیاسی کارکن و نڈر رہنما سے محروم ہو چکی شہید بانک کریمہ کی کمی پوری نہیں کی جا سکتی انہوں نے کہا ہے کہ شہید کریمہ بلوچ کی کینیڈا جیسے ترقی یافتہ ملک میں لاپتہ ہونے کے بعد شہید ہونا اس بات کو تقویت دے رہی ہے کہ بلوچ قوم کو سیاسی پناہ کو حق اور اختلاف رائے کے بنیاد پر قتل کیا جاتا ہے موجودہ دور میں ایک دفعہ پھر مظالم کو تیز کر دی گئی ہے طالب علم، اساتذہ کرام، سیاسی کارکن سمیت بلوچ کا کوئی بھی فرد مکمل طور پر غیر محفوظ ہے طاقت کے استعمال میں شدت لائی جا چکی ہے کینیڈا حکومت کی جانب سے کریمہ بلوچ کے شہادت پر ایسے پردہ ڈالا گیا اسطرح پہلے بھی کی جا چکی ہے عالمی برادری و طاقت ور ممالک صرف اپنے مفادات کی جنگ امن کے نام پر لڑ رہے ہیں۔

شال بقیہ 50
دینی چاہیئے کسان خوشحال ہوگا تو ہمارا ملک بھی خوشحالی کے جانب گامزن ہوگا انہوں نے کہا کہ زمینداروں کے مسائل کو حل کرنے پر بھرپور توجہ دی جائیگی انہوں نے کہا کہ کھاد کی ترسیل کے حوالے سے حائل رکاوٹوں کو دور کرنے کی ہر ممکن کوشش کی جائیگی انہوں نے کہا کہ گندم کی بہترین فصل حاصل کرنے کیلئے گندم کی اچھی اقسام زمین کا ٹیسٹ کرانا زمین کی مناسب ہمواری بروقت کاشت پانی کا وقت پر فراہمی تجویز کردہ زرعی ادویات کا استعمال جڑی بوٹیوں کی تلفی ٹڈی دل کا خاتمہ اور زمینداروں کو آگاہی کی فراہمی لازمی ہے اگر اس پر عمل کیا جائے تو کسان گندم کی بہترین پیداوار حاصل کر کے بہترین آمدنی حاصل کر کے اپنی اور ملک کو معاشی ترقی کے جانب لے جا سکتے ہیں۔

شال بقیہ 51
اور تنظیم کے اہم ترین فلسفے پر کام، کام اور صرف کام کرنے کی ضرورت ہے مسیحی برادری کو اگلے مذہبی تہوار پر مبارکباد دیتے ہیں۔ یہ بات انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہی، انہوں نے کہا کہ قیام پاکستان قائد اعظم کی عظیم فکر کی بدولت ممکن ہوا ان کی سیاسی سوچ اور فہم کی وجہ سے ہم پاکستان جیسی آزاد ریاست میں زندگی بسر کر رہے ہیں قائد اعظم کے فرمودات ہمارے لئے مشعل راہ ہیں مسلم لیگ (ن) چاہتی ہے کہ پاکستان کو قائد اعظم کے تصور کا پاکستان بنایا جائے جس میں عوام کے مسائل حل ہوں اور انہیں انکی دہلیز پر بنیادی سہولیات مہیا کی جائیں آج پاکستان تاریخ کے مشکل ترین دور سے گزر رہا ہے۔

شال بقیہ 52
گوادر کو تقسیم ہونے دے رہی ہے نیشنل پارٹی گوادر میں باڑ لگانے کی بھرپور مخالفت کرتے ہوئے اس کے خلاف جمہوری سیاسی مزاحمت کرے گی اور کسی کو گوادر اور عوام کو ایک دوسرے سے دور نہیں کریں گے بیان میں کہا گیا کہ موجودہ سلیکٹڈ حکومت نے بلوچستان کے وسائل پر قبضہ کرنے اور لوٹنے کی منفی پالیسی کو متحرک رکھے ہوئے ہیں، ایوان صدر کو آرڈیننس فیکٹری بناتے ہوئے بلوچستان و سندھ کے جزائر پر قابض ہونے کی منفی و عوام دشمن آرڈیننس جاری کیا گیا۔ اور اب گوادر میں باڑ لگا کر گوادر پر قبضہ کرنے اور تقسیم کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ جو مکمل طور پر قابل مذمت ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل پارٹی حکمرانوں کی منفی پالیسیوں کو عوامی تحریک و طاقت سے روکے گی۔ اور گوادر و بلوچستان کو تقسیم کرنے کی سازش کو ناکام بنائے گی۔

شال بقیہ 53
سے ہیں جبکہ 9 افراد کو پاکستانی شناختی دستاویزات نہ ہونے باعث واپس کر دیا گیا۔ لیویز ذرائع کے مطابق گرفتار مذکورہ افراد بہتر روزگار کی تلاش میں ایران کے راستے یورپ جانا چاہتے تھے جنہیں ایران میں گرفتار کیا گیا ہے۔ زیر حراست افراد کو مزید تحقیقات کے لیے ایف آئی اے کے حوالے کر دیا گیا۔

شال بقیہ 54
ہوئے کہا کہ شہید نے مختلف اوقات میں بلوچ سٹوڈنٹس آرگنائزیشن سمیت دیگر فورم پر بلوچ حقوق کیلئے آواز بلند کرتی رہیں پارٹی کی جانب سے انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کینیڈا کی حکومت سے مطالبہ کیا گیا کہ ذمہ دار ریاست کا ثبوت دیتے ہوئے ان اہم اندوہناک واقعے کی شفاف تحقیقات کرے لواحقین سے بھی دلی ہمدردی کا اظہار کیا گیا۔

شال بقیہ 55
ناظم مختیار گل شمس و دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اسلام کا رشتہ ہی پاکستانی طلبہ کے درمیان سب سے مضبوط رشتہ ہے اور جمعیت اسی بنیاد پر طلبہ کو منظم کرتی ہے جمعیت نے پاکستان کی خاطر جانوں کی قربانی دی ہے جمعیت طلبہ کے کردار کی تعمیر کرتی ہے اسلامی جمعیت طلبہ اپنا 74 واں یوم تاسیس منا رہی ہے۔

شال بقیہ 56
زیر اہتمام چائلڈ پروٹیکشن کی مناسبت سے منعقدہ ایک روزہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا تقریب میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد ایوب اچکزئی، اے ڈی سی امین اللہ ناصر، پروگرام منیجر بارون داؤد درانی، ہیڈ آف اسپیشلسٹ صائمہ جاوید، چائلڈ پروٹیکشن منیجر رحیم کاسی، تعمیر خلق فاؤنڈیشن ڈسٹرکٹ پشین کے سپروائزر ناصر خان ترین، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ سید عبدالمنان آغا، بی آر ایس پی کے کوارڈینیٹر سردار اکبر خان ترین اور آل پاکستان پیرامیڈیکل اسٹاف کے صوبائی صدر فضل الرحمن کاکڑ بھی شریک تھے۔

شال بقیہ 57
گرڈ اسٹیشنز کو بجلی کی فراہمی معطل رہے گی اس دوران گرڈ اسٹیشنوں سے منسلک تمام فیڈرز متاثر ہوں گے۔ اسی طرح 27 دسمبر کو مری آباد گرڈ اسٹیشن کے سٹی اور گلستان فیڈروں کو دن 11 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی کی فراہمی بند رہے گی۔

شال بقیہ 58
جمالی میں بچوں کی ایک نرسری بھی قائم ہے جہاں پر نو ماہ کی عمر سے پہلے پیدا ہونے والے بچوں اس نرسری میں رکھا جاتا ہے اور انہیں انکیوبیٹر مشینوں میں تمام تر سہولیات فراہم کی جاتی ہیں جبکہ فوٹو تھراپی کی مدد سے بھی علاج معالجہ کی سہولت فراہمی جاری ہے۔

شال بقیہ 59
صد سالہ جدوجہد کے دوران پہلے ہی آشنا ہے وطن کی تنگ و ناموس پر کسی صورت خاموش نہیں رہینگے اگر اے این پی کے صوبائی ترجمان اسد خان اچکزئی کو باحفاظت بازیاب نہ کرایا گیا تو پی ڈی ایم کے پلیٹ فارم سے احتجاج کا دائرہ پورے صوبے میں پھیلایا جائیگا۔

شال بقیہ 60
منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا تھا اس موقع پر ورلڈ فوڈ پروگرام کے منیجر صبی خان کاکڑ نے بتایا کہ ورلڈ فوڈ پروگرام اور ترقی فاؤنڈیشن کے تحت ان تمام افراد میں رقم تقسیم کی جائیگی جو قدرتی آفات کرونا سے متاثر اور غریب افراد ہیں اس سلسلے میں دریجی، اوتھل، وادر و وندر میں سنٹر بھی قائم کیے گئے ہیں انہوں نے کہا کہ اس پراجیکٹ کی مدد سے لسبیلہ میں بے روزگار ہونے والے لوگوں کو لاک ڈاؤن کے دوران اپنی گزر اوقات کے لئے نقد رقم فراہم کی جا رہی ہے۔ مستحق افراد میں 45 ہزار امدادی رقوم تقسیم کیے جائیں گے جو کہ چھ قسطوں پر مشتمل ہوگی۔

شال بقیہ 61
جن چیلنجز کا سامنا ہے ان سے بخیر آزما ہونے کے لئے ہمیں ایک بار پھر 1947 کے جذبے اور یکجہتی کی ضرورت ہے۔ مسیحی برادری کے مذہبی تہوار کرسمس پر مسیحی برادری کی خوشیوں میں برابر کے شریک ہیں اور ان کو اس خوشی کے موقع پر مبارکباد پیش کرتے ہیں پاکستان میں بسنے والے تمام اقوام ایک گلدستے کی مانند ہیں، وطن عزیز پاکستان کا آئین ملک کے تمام شہریوں کو بلاتفریق رنگ و نسل و مذہب مساوی حقوق دیتا ہے، ملک میں بسنے والی مسیحی سمیت اقلیتی برادریوں کی ملک کی تعمیر و ترقی کیلئے خدمات قابل ستائش ہیں۔

شال بقیہ 62
والی مسافر کوچز اور ویگنز میں عوام سے من مانا کرایہ وصول کیا جا رہا ہے اور کورونا وبا بھی پھیلی ہوئی ہے لیکن مسافر گاڑیوں میں حکومتی ایس او پیز کے اصولوں کا کوئی خیال نہیں رکھا جا رہا ہے۔

شال بقیہ 63
بلوچستان کیا میر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا مفتی شفیع الدین مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی نائب امیر مولانا عبدالروف مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ مرکزی صدر عبدالرحیم صاحب خطاب کرتے ہوئے نئے شامل ہونے والے ساتھیوں کو مبارکباد دی اور نئی شمولیت کو خوش آئند قرار دیا اور کہا کہ تمام مذہبی جماعت اور سیکولر جماعتوں کی مفاد پرستی سیاست سے قوم مایوس ہو چکے ہیں اصولوں یا نظریوں سے جڑے رہنے کے بجائے وقت کی لہر کا ساتھ دیتے اور اقتدار اور ذاتی مفادات کی طرف نکل جاتے ہیں۔ سیاست دانوں کی مفادات اور خود غرضی کے باعث فکری اور نظریاتی دفن ہو رہی ہے سیاسی موروثیت، جھوٹ، فریب اور دھوکہ کی سیاست سے اخلاقی اقدار اور اسلامی سیاست کو مسخ کر دیے فضل الرحمان نے اسلام کے مقدس نام اور اکابرین کے پاک جماعت کو ہمیشہ اپنے ذاتی مفادات کے لیے استعمال کئے جانے سے اپنے اکابرین کی مشن کو بدنام کر دیئے۔

شال بقیہ 64
ہوئے کیا انکا کہنا تھا کہ جعفر آباد کی سرحدیں ایک وقت سندھ اور بلوچستان کے حساس اضلاع سے ملتی ہیں جسکے باعث چیلنجز تو ہیں تاہم پولیس کے قابل افسران اپنی مہارت اور جانفشانی سے کام کرتے ہوئے کرائم پر قابو پائے ہوئے ہیں سینئر اور قابل افسران کی پولیس تھانوں میں تعیناتی سے کرائم کی شرح میں نمایاں کمی آئی ہے متحرک کام کرنے والے افسران کی ہر محاذ پر حوصلہ افزائی کر رہے ہیں۔

شال بقیہ 65
کیلیفورنیا کے علاقے لنکاسٹر کے اینٹی لوپ ویلی اسپتال میں کورونا وائرس میں مبتلا مریض نے دوسرے کورونا مریض کو قتل کر دیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق پولیس تفتیش کاروں کا کہنا تھا کہ کورونا مریض نے کورونا وارڈ کے اندر دوسرے مریض کو مارا جس کی عمر 80 سال تھی۔

شال بقیہ 66
الدین، حاجی حضرت اللہ، مولانا عبدالمحمد حقانی نے کہا ہے کہ ملک کا استحکام اسلامی نظام کے نفاذ میں ہے حکمران طبقہ اپنے سابقہ پیروکاروں کی طرز پر حکومت چلا رہا ہے الیکشن میں عوام کے ساتھ کئے ہوئے وعدے وفا نہیں ہو سکے ہیں ریاست مدینہ کا نعرہ بھی کھوکھلا ہو رہا ہے یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام شہید ناموس رسالت امام الشہید الشیخ الحدیث حضرت مولانا سمیع الحق شہید کے مشن کو جاری رکھیں گے۔

شال بقیہ 67
پروگرام بلوچستان کے سہ ماہی جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس ٹی بی کنٹرول پروگرام کے منیجر ڈاکٹر احمد ولی نے پروگرام کارکردگی، مسائل اور آئندہ کے لائحہ عمل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈی جی ہیلتھ ڈاکٹر علی ناصر بگٹی، ڈاکٹر لیئق خلیل، انڈس ہسپتال کے ڈاکٹر سلمان خان اور مری کور کے ڈاکٹر سعید اللہ خان بھی موجود تھے۔

شال بقیہ 68
اب انکی فاتحہ خوانی انکی رہائش گاہ بیدار بابا قبرستان نزد محمد شفیع پٹرول پمپ سبی میں جاری ہے۔

شال بقیہ 69
خان ناصر نے اپنے تعزیتی بیان میں مسلم لیگ (ن) کی سینیٹر کلثوم پروین کی وفات پر دکھ کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مرحومہ نے ملک میں جمہوریت آئین و قانون کی بالادستی اور ہر فورم پر عوام کے حقوق کیلئے جدوجہد کی انہوں نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ وہ مرحومہ کو اپنے جوار رحمت میں جگہ عطاء فرمائے اور لواحقین کو صدمہ برداشت کرنے کی توفیق دے۔

شال بقیہ 70
کشمیر کے صدر بیرسٹر سلطان محمود چودھری کمیٹی میں شامل ہیں، خواجہ فاروق اور راجہ منصور بھی 5 رکنی کمیٹی کا حصہ ہوں گے، کمیٹی آزاد کشمیر میں تحریک انصاف کے ٹکٹ کی خواہشمند سیاسی شخصیات کی جماعت میں شمولیت کے عمل کی نگرانی کرے گی۔

NOTICE INVITING TENDER

The Executive Engineer Roads Provincial B&R District Sibi intends to carry out the following Provincial Public Sector Development works and invites sealed tenders based on composite schedule of rates 2018 GoB from the PEC Registered Government Contractors having category C-4 and above. Earnest Money 5%, Tender fee (Rs) 5000 And Time Limit 18 Months for the work.

S.#	Name of work.	E/cost.
1	Const: Of Road Sibbi To Nari Gorge Sibi. PSDP No.785/Z2020.1015 (TSE No.180041)	142.574 M

The Procurement shall be carried out in accordance with the BPPRA rules 2014 and Amended 2019. The BOQ and tender documents may also be downloaded from the BPPRA website from their respective TSE No. Mentioned above. **ELIGIBILITY OF CONTRACTORS:** Valid registration certificate of PEC in the relevant category and having following Specialization Codes: CE 01, CE 02. Valid registration certificates from Income Tax Authority (NTN) and Baluchistan Revenue Authority (BRA). The firm/Contractor either blacklisted nor involved in any Litigation / Arbitration (Attach all certificates and the affidavit (on non-judicial stamp paper) of not blacklisting) not involved in any litigation / arbitration). The Detailed Technical Evaluation Criteria is mentioned in the Bidding Documents. JV is not allowed. **METHOD OF PROCUREMENT:** Single stage two envelop procedure will be adopted for this procurement. **BIDDING / TENDER DOCUMENTS ISSUANCE:** The bidder(s) can obtain the bidding documents from the address mentioned below in office working hours on production of green challan form for an amount of Rs.5000/- (NON REFUNDABLE) deposited in the head of account C02716 thorough Government Treasury/National Bank of Pakistan OR can be downloaded from website of BPPRA (www.bppra.gob.pk), under TSE Nos. given against each package above from the date of publication of this invitation in newspapers till to the last date of submission i.e **11/01/2021** until 1200 hrs. The contractors/Firms who obtain bidding document by downloading them from BPPRA website will also be required to produce deposited green challan form of above mentioned fee. The bids must accompanied Bid Security with "Technical Bid" for the Project in the form of Call at Deposit or Bank Guarantee of amount Specified above in the name of the undersigned from a Scheduled Bank. Bid security if not found in technical bid envelop the bid will not be taken into account for evaluation and will be rejected straightforwardly. **BIDDING / TENDER DOCUMENTS SUBMISSION:** The last date for submission of tender documents will be **11/01/2021** at 12.00 P.M. Please note that no tender forms will be issued and accepted after mentioned date and time. **BIDDING / TENDER DOCUMENTS OPEING:** The tenders will be opened on 11/01/2021 at 1.00 P.M. before the procurement committee in the presence of contractors or their authorized representatives who may wish to be present. **SUBMISSION OF EARNEST MONEY:** Earnest money 5% of estimated cost in shape of call deposit to be produced from any scheduled bank as mentioned against the contract will be enclosed with the bidding documents. **PRE-BID MEETING:** Pre bid meeting will be held on 05/01/2021. **TERMS & CONDITIONS:** Terms & Conditions are mentioned (incorporated) in detail in Bidding Documents. The bidders providing unsubstantiated and / or incorrect information will be liable to disqualification and / or legal action. **PLACE OF OPENING TENDERS:** The place of issuance and opening of tenders and inquiries about the tender viz. site of work and scope of workshall be at the following address. The office of the Executive Engineer, Roads Provincial B&R located at Mecongy Road Sibi. Tel # 0833-9230081. Email: Engr.civilian@gmail.com.

Executive Engineer Roads, Provincial B&R District Sibi.

PRQ No.1553/23.12.2020

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

REQUEST FOR EXPRESSION OF INTEREST (EOI)

For Pre-Qualification of Manufacturers/Suppliers/Companies of Agriculture Implements, Farm Machinery & Equipment under National Agriculture Emergency for National Oilseed Enhancement Program & Increase Productivity & Profitability of Sugarcane.

Directorate Agriculture Extension Oilseed Balochistan, a wing of Agriculture & Cooperatives Department, Government of Balochistan, invites Expression of Interest (EOI) for prequalification of Manufacturers/Suppliers/Companies of agricultural implements, Farm Machinery & Equipment, who are on Active Taxpayers List of the Federal Board of Revenue. The Manufacturers/Suppliers/Companies will work with Agriculture Extension Oilseed Department Government of Balochistan for the supply of Agricultural Implements, Farm Machinery Equipment under the following national projects on subsidy through a prescribed mechanism to the farmers of Balochistan province. National Oil-Seed Enhancement Program (Balochistan Component) II. National Agriculture Emergency "Increase Productivity & Profitability of Sugarcane" (Balochistan Component) Expression of Interest documents, (containing detailed requirements and modalities etc.) can be obtained on payment of PKR 500/- for each EoI document (non-refundable), to be submitted in head of account C03-Miscellaneous Receipt, C031-Economic Services Receipts-Food & Agriculture, C-03136 Agriculture Others through Green Challan into National Bank of Pakistan, from the office of the Director Agriculture Extension Oilseed Balochistan, Rani Bagh Sariab Road Quetta, Ph:081-9211595. EOI documents can also be downloaded from www.bppra.gob.pk. Under TSE No **TS180170E**. The Expression of Interest, prepared in accordance with the instructions in the EOI documents, separate for each project, must reach at office of the Director Agriculture Extension Oilseed Balochistan, Rani Bagh Sariab Road Quetta, Ph:081-9211595, on or before 01:00 PM on **11th January, 2021** and the Received EoI documents shall be opened on same day at 02:00 PM. This advertisement is also available on BPPRA website at www.bppra.gob.pk. E-mail: pioilseed@gmail.com .Ph: +92-81-9211595

DIRECTOR AGRICULTURE EXTENSION OILSEED BALOCHISTAN SARIAB ROAD QUETTA

AB No.272/24.12.2020

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی سے سابق سینیٹر نوابزادہ سیف اللہ مگسی ملاقات کررہے ہیں

پولیو ایک وائرس ہے جس سے نمٹنا کسی چیلنج سے کم نہیں، حافظ محمد قاسم کاکڑ

پولیو کے خاتمے کے لیئے ہماری محنت اور کوششیں اس وقت رنگ لائیں گی

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد حافظ محمد قاسم کاکڑ نے کہا ہے کہ پولیو ایک وائرس ہے جس سے نمٹنا کسی چیلنج سے کم نہیں مگر خاتمے تک ہم چین سے نہیں بیٹھیں گے پولیو کے خاتمے کے لیئے ہماری محنت اور کوششیں اس وقت رنگ لائیں گی جب ہم ایک ٹیم اور دل جوئی کے ساتھ اپنا کام کریں گے ہماری معمولی کوتاہی کی وجہ سے بہت بڑا نقصان ہوتا ہے پولیو کی مانیٹرنگ کے عمل کو مزید بقیہ نمبر43 صفحہ3 پر

پاک ایران سرحدی حکام کی راہداری گیٹ تفتان کے مقام پر میں ملاقات دوطرفہ سرحدی امور پر بات چیت

تفتان (نامہ نگار) پاک ایران سرحدی حکام کی راہداری گیٹ تفتان کے مقام پر میں ملاقات دوطرفہ سرحدی امور پر بات چیت تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر تفتان عصمت اللہ اچکزئی کی سربراہی میں 4 رکنی وفد کا راہداری گیٹ بقیہ نمبر44 صفحہ3 پر

استاد ایک چراغ ہے جو تاریک راہوں میں روشنی کے وجود کو برقرار رکھتا ہے' ڈاکٹر حسن وقار چیمہ

استاد وہ پھول ہے جو اپنی خوشبو سے معاشرے میں امن، مہر ومحبت ودوستی کا پیغام پہنچاتا ہے

اوتھل (خ ن) ڈپٹی کمشنر لسبیلہ ڈاکٹر حسن وقار چیمہ نے کہا ہے کہ استاد ایک چراغ ہے جو تاریک راہوں میں روشنی کے وجود کو برقرار رکھتا ہے۔ استاد وہ پھول ہے جو اپنی خوشبو سے معاشرے میں امن، مہر ومحبت ودوستی کا پیغام پہنچاتا ہے۔ استاد ایک ایسا رہنما ہے جو آدمی کو زندگی کی ظلم راہوں سے نکال کر منزل کی طرف گامزن کرتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے محکمہ تعلیم کے زیر اہتمام گورنمنٹ گرلز ہائیر سیکنڈری اسکول اوتھل میں سی ٹی ایس ایس پی کے تحت امتحان پاس کرنے والے اساتذہ کو تعیناتی کے آرڈر کے تقسیم سے متعلق منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ معاشرے میں جہاں ماں باپ کا کردار بچے کے لیے اہم ہے، وہاں استاد کو بھی اہم مقام حاصل ہے انہوں نے کہا ہے بقیہ نمبر45 صفحہ3 پر

محکمہ خزانہ حکومت بلوچستان کے ایک اعلامیہ

کوئٹہ (خ ن) محکمہ خزانہ حکومت بلوچستان کے ایک اعلامیہ کے مطابق تمام سرکاری ملازمین و دفاتر کی تنخواہیں بشمول الاؤنسز اور پنشنز ایڈوانس میں 31 دسمبر 2020 کو ادا کرنے کی منظوری دے دی گئی ہے۔ اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ دستور کے مطابق مذکورہ ادائیگیاں یکم جنوری 2021 کو کیجانی تھی تاہم یکم تا 3 جنوری 2021 عام بقیہ نمبر46 صفحہ3 پر

بلوچستان میں 75 فیصد لوگوں کا ذریعہ معاش زراعت ہے، نصیر شاہوانی

30 ہزار ٹیوب ویلز کو سول سسٹم پر منتقل کرنے سے وفاق اور صوبے کو 22 ارب روپے کا فائدہ ہوگا، ملک نصیر احمد شاہوانی

بلوچستان میں زمیندار بہت بڑی قوت ہے کیونکہ نہ صرف بلوچستان بلکہ پاکستان میں اکثریت لوگ زراعت کے شعبے سے وابستہ ہے، حاجی عبدالرحمن بازئی

کوئٹہ (آن لائن) زمیندار ایکشن کمیٹی کے چیئرمین و رکن صوبائی اسمبلی ملک نصیر احمد شاہوانی، جنرل سیکرٹری حاجی عبدالرحمن بازئی نے پی ڈی ایم کی حمایت کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان میں 75 فیصد لوگوں کا ذریعہ معاش زمینداری سے وابستہ ہے، بدقسمتی سے ہمیشہ سے حکمرانوں کی جانب سے زراعت کے شعبے کو نظرانداز کیا گیا ہے، 30 ہزار ٹیوب ویلز کو سول سسٹم پر منتقل کرنے سے وفاق اور صوبے کو 22 ارب روپے کا فائدہ ہوگا، بلوچستان میں ڈیمز کی عدم تعمیر سے 12.5 ملین ایکڑ پانی ضائع ہورہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے زمیندار ایکشن کمیٹی کے ایگزیکٹو ممبران کاظم خان، سید بقیہ نمبر37 صفحہ3 پر

نصیر آباد ڈپٹی کمشنر حافظ محمد قاسم کاکڑ انسداد پولیو مہم کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

اسلامی جمعیت طلبہ کا 74 واں یوم تاسیس دفتر اسلامی جمعیت نصیر آباد میں منایا گیا

نصیر آباد (این این آئی) اسلامی جمعیت طلبہ کا 74 واں یوم تاسیس دفتر اسلامی جمعیت نصیر آباد میں منایا گیا یوم تاسیس کے موقع پر ضلع نصیر آباد کے عہدے داروں اور کارکنوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی یوم تاسیس کے موقع منعقدہ پروگرام میں اسلامی جمعیت طلبہ نصیر آباد ڈویژن کے بقیہ نمبر55 صفحہ3 پر

بانک کریمہ بلوچ کا دلخراش واقعہ جو کینیڈا میں پیش آیا اس کی پرزور مذمت کرتے ہیں ڈاکٹر محمد امین مینگل

حکومت ارباب واختیار کی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ اس واقعہ کی مکمل تحقیقات کرائے اور حقائق منظر عام پر لائے جائیں، بیان

گنداخہ (نامہ نگار) بی این پی مینگل جعفرآباد کے ڈپٹی جنرل سیکرٹری ڈاکٹر محمد امین مینگل نے اپنے مذمتی بیان میں کہا ہے کہ بانک کریمہ بلوچ کی شہادت قابل مذمت ہے اس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے بانک کریمہ بلوچ کا دلخراش واقعہ جو کینیڈا میں پیش آیا وہاں کی حکومت ارباب واختیار کی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ اس واقعہ کی باریک بینی کے ساتھ مکمل تحقیقات کرائے اور حقائق منظر عام پر لائے جائیں جس کی وجہ سے بانک شہید ہوگئیں بیان میں شہید کو زبردست الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتے بقیہ نمبر54 صفحہ3 پر

بیلہ سے کراچی چلنے والی ویگن اور بسوں کی مسافروں کے ساتھ زیادتی عروج پر

اوتھل (این این آئی) بیلہ سے کراچی چلنے والی ویگن اور بسوں کی مسافروں کے ساتھ زیادتی عروج پر، مسافروں سے من مانا کرایہ وصول کررہے ہیں۔ جبکہ ایس او پیز پر بھی عمل درآمد نہیں ہورہا عوامی حلقوں کا ضلعی انتظامیہ سے نوٹس لینے کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق بیلہ سے کراچی چلنے بقیہ نمبر62 صفحہ3 پر

سیاست دانوں کی مفادات اور خودغرضی کے باعث فکری اور نظریاتی دفن ہورہی ہے' عبدالرحیم صابر

سیاسی موروثیت، جھوٹ، فریب اور دھوکہ کی سیاست سے اخلاقی اقدار اور اسلامی سیاست کو مسخ کر دیئے

کوئٹہ (آن لائن) ژوب کے ممتاز سیاسی مذہبی شخصیات پیر سید ڈاکٹر امداد اللہ علوی قاری عبدالغفور، ڈاکٹر نجیب اللہ خان، پروفیسر محمد الطاف خان، منیر فاضل شاہ، حاجی آدم ساز خان مروت صاحب پروفیسر محمد فرمان اللہ خان اپنے خاندانوں اور ساتھیوں سمیت قافلہ حق جمعیت علماء اسلام نظریاتی میں شمولیت کا اعلان کیا شمولیتی تقریب سے جمعیت علماء اسلام نظریاتی کے مرکزی سینئر نائب امیرہ بقیہ نمبر63 صفحہ3 پر

منظور احمد مگسی وزیر اعلیٰ کے پریس سیکرٹری تعینات

کوئٹہ (این این آئی) منظور احمد مگسی وزیر اعلیٰ کے پریس سیکرٹری تعینات، جمعرات کو چیف سیکرٹری بلوچستان کے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق محکمہ اطلاعات کے آفیسر منظور احمد مگسی کو وزیر اعلیٰ بلوچستان کا پریس سیکرٹری تعینات کردیا گیا ہے۔

مسیحی برادری ملک وقوم کی تعمیر وترقی کے لئے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لارہی ہے، عبدالخالق ہزارہ

صوبائی حکومت صوبے میں آباد تمام اقلیتوں بشمول مسیحی برادری کے حقوق کے تحفظ کو یقینی بنارہی ہے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر کھیل ثقافت عبدالخالق ہزارہ نے کرسمس کے موقع پر مسیحی برادری کو دلی مبارکباد پیش کی ہے، انہوں نے اپنے ایک تہنیتی پیغام میں کہا ہے کہ مسیحی برادری ملک وقوم کی تعمیر وترقی کے لئے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لارہی ہے اس حوالے سے ان کا کردار قابل تحسین ہے، صوبائی حکومت صوبے میں آباد تمام اقلیتوں بشمول مسیحی برادری کے حقوق کے تحفظ کو یقینی بنارہی ہے، اور مسیحی برادری سمیت ملک اور بلوچستان میں بسنے والی دیگر تمام اقلیتوں کو اپنی مذہبی عبادات کی ادائیگی کی مکمل آزادی حاصل ہے۔

ضلع بھر میں قیام عمل کے لیے پولیس متحرک کردار ادا کررہی ہے

چوری ڈکیتی سمیت دیگر جرائم میں ملوث ملزمان کی گرفتاری کے لیے کارروائیاں جاری ہیں

تین ماہ کے دوران درجنوں ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا، ایس ایس پی جعفرآباد افتخار احمد

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) ایس ایس پی جعفرآباد افتخار احمد نے کہا ہے کہ ضلع بھر میں قیام عمل کے لیے پولیس متحرک کردار ادا کررہی ہے چوری ڈکیتی سمیت دیگر جرائم میں ملوث ملزمان کی گرفتاری کے لیے کارروائیاں جاری ہیں تین ماہ کے دوران درجنوں ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا عوام کے جان ومال کی حفاظت پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کرسکتے ہر قیمت پر امن بحال رکھنے کا عزم کررکھا ہے جعفرآباد کو امن کا گہوارہ بنا کر رکھیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے صحافیوں کے وفد سے خصوصی گفتگو کرتے بقیہ نمبر64 صفحہ3 پر

سبی کے ملازمین کی خدمات ہمارا نصب العین ہے جنہیں ہم کبھی تنہا نہیں چھوڑیں گے' خزانہ افسر

سبی (این این آئی) خزانہ آفیسر سبی عجب خان نے بیان میں کہا ہے کہ سبی کے ملازمین کی خدمات ہمارا نصب العین ہے جنہیں ہم کبھی تنہا نہیں چھوڑیں گے اور ہمارے دروازے سب کے لیے ہر وقت کھولے ہوئے ہیں۔ چھوٹے چھوٹے مسائل تو ہر جگہ موجود ہیں مگر انشاءاللہ ہم ہر مسائل کا حل ملازمین کو انکی دہلیز پر دیں گے۔ عجب خان نے کہا کہ سبی کے پچاس ہزار سے زائد ملازمین ہیں جن میں تنخواہ دار اور پنشن لینے والے ملازمین شامل ہیں اب ظاہری بات ہے کہ جب ملازمین پچاس ہزار ہیں تو مسائل اس سے بھی زیادہ ہوں گے۔

محکمے محکمہ خزانہ کی بجائے اپنے وسائل پر بھی دھیان دے' اختر لانگو

ہمارے سسٹم میں بے شک خرابیاں ہیں لیکن لوکل گورنمنٹ کی ایسی نااہلیوں کو دیکھ کر افسوس ہوتا ہے

آفیسران ڈی اے سی کی میٹنگ میں بھی آنے سے اجتناب کرینگے، چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی

کوئٹہ (این این آئی) پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے چیئرمین اختر حسین لانگو کی زیر صدارت محکمہ بلدیات کمپلائنس رپورٹ اور آڈٹ پیرا 15-2014 پر کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں صوبائی وزیر زمرک خان اچکزئی، کمیٹی اراکین زابد علی ریکی، محمد نواز کاکڑ، ثناءاللہ بلوچ، نصراللہ زیرے، اجلاس میں سیکرٹری بلدیات احمد رضا، سیکرٹری اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، ڈپٹی سیکرٹری پی اے سی سراج بقیہ نمبر39 صفحہ3 پر

ممتاز قبائلی شخصیت سردار محمد اکرم محمد شہی کی فاتحہ خوانی سبی میں جاری ہے

سبی (این این آئی) ممتاز قبائلی شخصیت سردار محمد اکرم محمد شہی کی فاتحہ خوانی سبی میں جاری ہے۔۔ ممتاز قبائلی شخصیت سردار محمد اکرم محمد شہی جو کہ گزشتہ دنوں سبی میں حرکت قلب بند ہونے کے باعث انتقال کر گئے تھے جنہیں انکے آبائی گاؤں درگڑہ مستونگ میں سپرد خاک کیا گیا تھا بعد ازاں بقیہ نمبر68 صفحہ3 پر

سینیٹر سردار محمد یعقوب خان ناصر کا اظہار تعزیت

لورالائی (این این آئی) پی ڈی ایم کے رہنماء مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سینئر نائب صدر سینٹ کے سٹینڈنگ کمیٹی برائے بین الصوبائی رابطہ کے چیئرمین سینیٹر سردار محمد یعقوب بقیہ نمبر69 صفحہ3 پر

کوئٹہ میر جمیل بزنجو سینیٹر کلثوم پروین کے انتقال پر انکے اہلخانہ سے اظہار تعزیت کررہے ہیں

اولیاء اللہ نے ہمیشہ امن محبت اور بھائی چارے کا سبق دیا ہے' علماء کرام

کامل مرشد ہر وقت ہر جگہ اپنے مریدوں کی مدد کیلئے تیار ہوتا ہے' میر نادر خان عنقلانی

گنداخہ (نامہ نگار) سالانہ جلسہ بسلسلہ گیارہویں شریف غوث اعظم دستگیر گوٹھ میر سمندر خان عنقلانی جمالی میں میر نادر خان عنقلانی جمالی اور میر رجب علی عنقلانی جمالی کی قیادت میں منعقد کی گئی جس سے درگاہ رانی پور شریف کے سید آصف علی شاہ جیلانی کے علاوہ گڑھی خیرو کے معروف عالم دین حضرت مولانا نازاحمد حسین جمالی مولانا منیر احمد جمالی نے خطاب کیا جبکہ معروف نعت خوان فقیر عنایت اللہ بروہی فقیر مقبول احمد سلطانی فقیر غلام نبی جمالی ودیگر نے آقائے دوجہاں حضرت محمد مصطفی ﷺ کی شان بیان کی اس موقع علماء کرام نے خطاب کرتے ہوئے کہا اولیاء اللہ نے ہمیشہ امن محبت اور بھائی بقیہ نمبر41 صفحہ3 پر

کرسمس کا دن ہمیں ایثار، قربانی اور امن کا درس دیتا ہے، زمرک خان اچکزئی

مسیحی برادری ہمارے معاشرے کا لازمی جزو ہے اور ہمیں ملک کی سماجی واقتصادی ترقی میں ان کے تعاون پر فخر ہے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر زراعت انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کرسمس کے موقع پر پاکستان اور پوری دنیا میں مسیحی بھائیوں کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے اپنے ایک تہنیتی پیغام میں کہا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو انسانیت کے لئے امن، محبت اور ہمدردی کی علامت کے طور پر اس دنیا میں بھیجا گیا تھا، ان کی تعلیمات دنیا بھر کے لاکھوں لوگوں کو امن اور مسرت بخشتی رہیں۔ انہوں بقیہ نمبر42 صفحہ3 پر

کوئٹہ شہر گوناگوں مسائل کا شکار ہے، ٹریفک کا مسئلہ روز بروز گھمبیر ہوتا جارہا ہے، مولانا عبدالرحمن رفیق

بلوچستان کی صوبائی حکومت کی طرف سے عوام کی بہبود اور بہتری کیلئے کئے گئے اقدامات کے دعوے دھرے کے دھرے رہ گئے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق سینیٹر نائب امیر مولانا خورشید احمد جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ مولانا محمد ہاشم حقانی مولانا حافظ عبدالحق حقانی مولانا حکیم صاحب اللہ سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد سیکرٹری مالیات میر سرفراز شاہوانی ایڈووکیٹ حاجی صالح محمد مولانا حافظ سردار محمد نورزئی سالار حافظ حبیب الرحمن مولانا اسماعیل مولانا سید سعد اللہ آغا حافظ دوست محمد نے کہا ہے کہ " کوئٹہ پیکج " اولمپک سٹی " کے بقیہ نمبر47 صفحہ3 پر

پشتونخوا ملی عوامی پارٹی پی بی 20 پشین III کی نشست پر پارٹی اپنا امیدوار کھڑا نہیں کریگی

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ جمعیت علمائے اسلام کے رہنماء اور سابق رکن صوبائی اسمبلی مرحوم سید فضل آغا کی انتقال کے باعث خالی ہونیوالی پی بی 20 پشین III کی نشست پر پارٹی اپنا امیدوار کھڑا نہیں کریگی اور اس سلسلے بقیہ نمبر48 صفحہ3 پر

قائداعظم کے فرمودات ملک کی ترقی اور قوم کی خوشحالی کے لئے مشعل راہ ہیں، جمال شاہ کاکڑ

ہمیں قائداعظم کے اتحاد، ایمان اور تنظیم کے اہم ترین فلسفے پر کام، کام اور صرف کام کرنے کی ضرورت ہے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی جنرل سیکرٹری وسابق اسپیکر جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ قائداعظم کے فرمودات ملک کی ترقی اور قوم کی خوشحالی کے لئے مشعل راہ ہیں، قائداعظم کی جدوجہد کے باعث ہمیں آزاد اور ریاست ملی، ہمیں قائداعظم کے اتحاد، ایمان بقیہ نمبر51 صفحہ3 پر

وفاقی سلیکٹڈ حکومت گوادر میں باڑ لگا کر گوادر کی تقسیم کرنے پر عمل پیرا ہے' یاسمین لہڑی

نیشنل پارٹی حکمرانوں کی منفی پالیسیوں کو عوامی تحریک وطاقت سے روکے گی اور گوادر و بلوچستان کو تقسیم کرنے کی سازش کو ناکام بنائے گی

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کی مرکزی خواتین سیکرٹری وسابق رکن بلوچستان اسمبلی یاسمین لہڑی نے جاری بیان میں کہا ہے کہ وفاقی سلیکٹڈ حکومت گوادر میں باڑ لگا کر گوادر کی تقسیم کرنے پر عمل پیرا ہے۔ جب کہ صوبائی سلیکٹڈ حکومت کٹھ پتلی کا کردار ادا کرتے ہوئے بقیہ نمبر52 صفحہ3 پر

اوتھل رکن قومی اسمبلی بھوتانی کی عیادت کے موقع پر سینئر صحافی راجہ شوکت گلدستہ پیش کررہے ہیں

بچوں کو اچھی تربیت اور شعور دینا والدین کا فرض ہے، ڈپٹی کمشنر پشین قائم لاشاری

بچوں کی پرورش میں کسی بھی قسم کی کمی نہیں آنی چاہئے ہمیں رورل اور اربن کے درمیان فرق کرنا ہوگا

پشین (خ ن) ڈپٹی کمشنر پشین قائم لاشاری نے کہا کہ بچوں کو اچھی تربیت اور شعور دینا والدین کا فرض ہے بچوں کی پرورش میں کسی بھی قسم کی کمی نہیں آنی چاہئے ہمیں رورل اور اربن کے درمیان فرق کرنا ہوگا ہم نے بچوں کو موبائل فون دے رکھے ہیں گیم کھیلنے وقت موبائل سکرین پر مختلف قسم کے اشتہارات سامنے آجاتے ہیں ہمیں احتیاط برتنی ہوگی تاکہ وہ نیٹ پر ایسی کوئی منفی مواد دیکھ سکے اس حوالے سے سول سوسائٹی کو بھی آگاہی دینا ہوگی ان خیالات کا اظہار انہوں نے تعمیر خلق فاؤنڈیشن کے بقیہ نمبر56 صفحہ3 پر

پاکستان میں اقلیتوں کی عزت وآبرو، جان ومال اور املاک مکمل محفوظ ہیں، مبین خان خلجی

وطن عزیز پاکستان کا آئین ملک کے تمام شہریوں کو بلاتفریق رنگ، نسل ومذہب مساوی حقوق دیتا ہے

کوئٹہ (آن لائن) پارلیمانی سیکرٹری برائے اربن پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی وکوئٹہ ڈویلپمنٹ اتھارٹی (کیوڈی اے) محمد مبین خان خلجی نے کہا کہ پاکستان میں اقلیتوں کی عزت وآبرو، جان ومال اور املاک مکمل محفوظ ہیں۔ مسیحی برادری کو ملک بھر میں اپنے حقوق کی مکمل آزادی ہے کہ اپنا تہوار اپنے مذہبی طریقے سے شان وشوکت طریقے سے منائیں۔ آج پاکستان کو ملکی وبین الاقوامی سطح پر بقیہ نمبر61 صفحہ3 پر

قائداعظم کا یوم پیدائش اور کرسمس آج جوش وخروش سے منایا جائیگا

کوئٹہ شہر میں کرسمس کے حوالے سے 54 چرچز میں تقریبات منعقد کی جائیں گی جنہیں حساس قرار دیا گیا ہے

کوئٹہ سمیت صوبے بھر میں سیکورٹی کے سخت انتظامات پولیس کے 4 ہزار سے زائد اہلکار تعینات ہونگے

کوئٹہ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے چیئرمین اختر حسین لانگو کی زیرصدارت اجلاس منعقد ہورہا ہے

کوئٹہ (این این آئی) قائداعظم کا 144 واں یوم پیدائش اور کرسمس کا تہوار آج جوش وخروش سے منایا جائیگا، کوئٹہ سمیت صوبے بھر میں سیکورٹی کے سخت انتظامات پولیس کے 4 ہزار سے زائد اہلکار تعینات ہونگے۔ تفصیلات کے مطابق یوم قائداعظم آج قومی جوش وخروش اور مسیحی برادری اپنا مذہبی تہوار کرسمس جوش وجذبے سے منائیں گے کوئٹہ شہر میں کرسمس کے حوالے سے 54 چرچز میں تقریبات منعقد کی جائیں گی جنہیں حساس قرار دیا گیا ہے پولیس حکام کے مطابق یوم قائد اور کرسمس کا سیکورٹی پلان نافذ کردیا گیا ہے کوئٹہ شہر میں چرچز اور اہم سرکاری عمارتوں کی حفاظت پر 4 ہزار سے زائد پولیس، اے ٹی ایف، ایگل اسکواڈ، مددگار اور لیڈی پولیس کے افسران واہلکار تعینات کیے جائیں گے جبکہ چرچ سے 200 گز کے فاصلے پر پارکنگ کرنے کی اجازت دی جائیگی کسی بقیہ نمبر36 صفحہ3 پر

گندم کی پیداوار میں خودکفالت پیدا کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے' فیاض علی

گندم کی اچھی فصل کاشت کرکے ہی ہم ملک کو ترقی اور ہمیں خودکفیل بن سکتے ہیں

کسان خوشحال ہوگا تو ہمارا ملک بھی خوشحالی کے جانب گامزن ہوگا' ڈپٹی کمشنر لورالائی

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی فیاض علی ڈائریکٹر زراعت زرغیزی عرفان بختیاری ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع شاہ حسین چنگیزی ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت زرغیزی محمد کامران ودیگر نے بلدیہ ہال میں سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گندم کی پیداوار میں خودکفالت پیدا کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے گندم کی اچھی فصل کاشت کرکے ہی ہم ملک کو ترقی اور ہمیں خودکفیل بن سکتے ہیں انہوں نے کہا کہ گندم ہماری سب سے بنیادی ضرورت ہے ہمیں گندم کی اچھی اقسام کاشت کرنے پر بھرپور توجہ بقیہ نمبر50 صفحہ3 پر

شہید ایک نڈر سیاسی کارکن تھے بلوچ سیاست ایک سیاسی کارکن و نڈر رہنما سے محروم ہوچکی' نذیر بلوچ

کوئٹہ (آن لائن) بلوچ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے مرکزی چیئرمین نذیر بلوچ نے شہید بانک کریمہ بلوچ کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے شہید ایک نڈر سیاسی کارکن تھے ان کی شہادت سے بلوچ سیاست ایک بقیہ نمبر49 صفحہ3 پر

انڈیا پروپیگنڈے اور جھوٹ کا سہارا چھوڑ دے، دنیش کمار

پاکستان خوصا بلوچستان میں قلیتی برادری آزادی سے تمام مذہبی تہوار منا کر خود کو سب سے زیادہ محفوظ سمجھتے ہیں

بلوچستان حکومت نے کرسمس کی خوشیاں دوبالا کرنے کے لئے 15 سو سے زائد غریب، نادار مستحقین، معذور اور بیوہ مسیحی برادری کیلئے امدادی چیک تقسیم کئے' رکن بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان اسمبلی کے رکن اسمبلی پارلیمانی سیکرٹری مذہبی اقلیتی امور دنیش کمار نے کہا ہے کہ پاکستان خوصا بلوچستان میں قلیتی برادری آزادی سے تمام مذہبی تہوار منا کر خود کو سب سے زیادہ محفوظ سمجھتے ہیں انڈیا پر پروپیگنڈے اور جھوٹ کا سہارا چھوڑ دیں کیونکہ انڈیا میں آج بھی مسلمانوں پر ظلم کے پہاڑ گرائے جارہے ہیں انہیں محب وطن ہونے کے ثبوت دیا جاتا مگر پاکستان میں اقلیتی برادری سب سے زیادہ محب وطن ہے جس کو واضح بقیہ نمبر38 صفحہ3 پر

نصیر آباد میڈیکل سپرٹینڈنٹ ڈاکٹر ایاز حسین جمالی نرسری میں بچوں کو دی جانے والے سہولیات کے متعلق آگاہی فراہم کررہے ہیں

ایرانی حکام نے 18 پاکستانی شہریوں کو گرفتار کرلیا

تفتان (نامہ نگار) ایرانی حکام نے 18 پاکستانی شہریوں کو تفتان بارڈر پر لیویز حکام کے حوالے کردیا جنہیں ایران کے مختلف شہروں سے گرفتار کیا گیا ہے تفصیلات کے مطابق ایرانی حکام نے مختلف شہروں سے 18 پاکستانی تارکین وطن کو گرفتار کرکے پاک ایران تفتان سرحد پر لیویز حکام کے حوالے کردیا گیا جن میں 9 کا تعلق پنجاب، 2 کا خیبر پختونخواہ، 3 کا سندھ اور 4 افراد کا تعلق بلوچستان بقیہ نمبر53 صفحہ3 پر

عوام کو صحت کی سہولیات کی فراہمی کے لیے محکمہ صحت اپنے تمام وسائل بروئے کار لارہا ہے' ڈاکٹر ایاز حسین جمالی

روزانہ کی بنیادوں پر ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل اسٹاف عوام کی خدمت میں مصروف عمل ہیں میڈیکل سپرنٹنڈنٹ سول ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی

نصیر آباد (خ ن) میڈیکل سپرنٹنڈنٹ سول ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی ڈاکٹر ایاز حسین جمالی نے کہا ہے کہ عوام کو صحت کی سہولیات کی فراہمی کے لیے محکمہ صحت اپنے تمام وسائل بروئے کار لارہا ہے، روزانہ کی بنیادوں پر ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف عوام کی خدمت میں مصروف عمل ہیں ڈی ایچ کیو ڈیرہ مراد جمالی میں وقت سے پہلے پیدا ہونے والے بچوں کو انتہائی نگہداشت میں تمام تر سہولیات فراہم کی جارہی ہیں اسٹاف 24 گھنٹے ان بچوں کی دیکھ بھال کرنے میں مصروف عمل ہے اس یونٹ میں نصیر آباد ڈویژن بھر کے بچوں کو انتہائی نگہداشت حالت میں تمام سہولتیں فراہم کی جارہی ہے انہوں نے کہا کہ ڈیرہ مراد بقیہ نمبر58 صفحہ3 پر

برقی لائنوں کی مرمت کے سلسلے میں بجلی بند رہے گی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق 26 دسمبر کو 132KV گرڈ اسٹیشن تربت ٹرانسمیشن لائن پر ضروری کام کیا جائے گا اس سلسلے میں صبح 9 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک گوادر انڈسٹریل، گوادر، پسنی، ڈیپ سی پورٹ، پلیگور اور ہوشاب بقیہ نمبر57 صفحہ3 پر

ورلڈ فوڈ پروگرام کے تحت لسبیلہ کے چھ یونین کونسلوں میں 24 کروڑ روپے جوکہ چار ہزار تین سو سے زائد غریب خاندانوں میں تقسیم کیے جائیں گے' ڈاکٹر جمیل احمد بلوچ

اوتھل (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو ڈاکٹر جمیل احمد بلوچ نے کہا ہے کہ ورلڈ فوڈ پروگرام کے تحت لسبیلہ کے چھ یونین کونسلوں میں 24 کروڑ روپے جوکہ چار ہزار تین سو سے زائد غریب خاندانوں میں تقسیم کیے جائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ورلڈ فوڈ پروگرام کے تحت بقیہ نمبر60 صفحہ3 پر

پشتون بلوچ وطن کے بیش بہا وسائل کو ہڑپ کرنے کیلئے یہاں ڈر خوف کا ماحول بنایا گیا ہے' مابت کاکا

پشتونوں وبلوچوں کو وسائل پر دسترس حاصل نہ ہونے کی وجہ سے دو وقت کی روٹی کیلئے سرگرداں اور دربدری کی زندگی گزارنے پر مجبور ہے

سبی (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری مابت کاکا نے کہا ہے کہ پشتون بلوچ وطن کے بیش بہا وسائل کو ہڑپ کرنے کیلئے یہاں ڈر خوف کا ماحول بنایا گیا ہے ان جیسے محرومیوں کی وجہ سے ان اقوام میں احساس بیگانگی بڑھتی جارہی ہے پشتونوں وبلوچوں کو وسائل پر دسترس حاصل نہ ہونے کی وجہ سے دو وقت کی روٹی کیلئے سرگرداں اور دربدری کی زندگی گزارنے پر مجبور ہے سیاسی کارکنوں کی جبری گمشدگی یہاں کی حقیقی مترقی جمہوری قوتوں کو راہ راست اور برحق موقف سے دستبردار کرانے کی کوششیں ہے خدائی خدمتگار تحریک کے تسلسل کی حیثیت سے عوامی نیشنل پارٹی ان جیسے ناروا اقدامات سے بقیہ نمبر59 صفحہ3 پر

اوتھل' ڈپٹی کمشنر لسبیلہ ڈاکٹر حسن وقار چیمہ ودیگر محکمہ تعلیم کے زیراہتمام منعقدہ تقریب سے خطاب کررہے ہیں

ملک کا استحکام اسلامی نظام کے نفاذ میں ہے، مفتی عبدالواحد بازئی

حکمران طبقہ اپنے سابقہ پیروکاروں کی طرز پر حکومت چلارہا ہے' قائم مقام امیر جمعیت علماء اسلام

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے قائم مقام امیر مفتی عبدالواحد بازئی سیکرٹری جنرل عبدالقیوم میرزئی ڈپٹی سیکرٹری جنرل سردار انجینئر محمد کلیم مسعود، درمحمد اخونزادہ، مولانا محمد شفیق دولت زئی، مولانا طاہر شاہ، مولانا عبدالوہاب، حاجی اختر شاہ مردان زئی، مولانا جان بقیہ نمبر66 صفحہ3 پر

امریکی اسپتال کے کورونا وارڈ میں ایک مریض نے دوسرے کو قتل کردیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکا میں ایک اسپتال کے کورونا یونٹ میں کووڈ 19 کے ایک مریض نے دوسرے مریض پر اچانک حملہ کرکے جان سے مار دیا۔ امریکی ریاست بقیہ نمبر65 صفحہ3 پر

مہنگائی اور بیروزگاری سے ملک کا ہر طبقہ پریشان حال نظر آرہا ہے' حاجی حبیب اللہ صافی

چینی، گھی ودیگر اشیاء یوٹیلٹی اسٹورز سے پہلے ہی غائب، خورد برد کی نذر ہوجاتی ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہراللہ جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی نے کہا کہ مہنگائی اور بیروزگاری سے ملک کا ہر طبقہ پریشان حال نظر آرہا ہے چینی، گھی ودیگر اشیاء یوٹیلٹی اسٹورز سے پہلے ہی غائب، خورد برد کی نذر ہو جاتی ہے یوٹیلٹی اسٹورز کی وجہ سے عام عوام کو بھی خاص ریلیف نہیں ملا عوام کے گھروں تک پہنچنے کے بجائے ذخیرہ اندوزوں کے گوداموں تک پہنچ جاتی ہیں۔

مرکز کے کسی بھی غیرآئینی اقدام کیخلاف آواز بلند کی جائیگی، سیاسی جماعتیں

گوادر باڑ اور جزائر کو مرکز کے ماتحت لانے کیخلاف سیاسی پلیٹ فارم کے علاوہ عدالت سے بھی رجوع کیا جائے گا

حکمران ہوش کے ناخن لیں عوام کی فلاح وبہبود کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں باڑ سے لوگوں میں نفرت بڑھے گی، اختر مینگل' عبدالمالک بلوچ' عبدالغفور حیدری

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے سیاسی جماعتوں کے قائدین نے بلوچستان کے مسائل کو پی ڈی ایم کے پلیٹ فارم سے بھرپور انداز میں اٹھانے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبے کے ساحل وسائل پر صدارتی آرڈیننس کے ذریعے مرکز کے کسی بھی غیرآئینی اقدام کی بھرپور آواز بلند کی جائیگی گوادر باڑ اور جزائر کو مرکز کے ماتحت لانے کیخلاف سیاسی پلیٹ فارم کے علاوہ عدالت سے بھی رجوع کیا جائے گا حکمران ہوش کے بقیہ نمبر40 صفحہ3 پر

صوبائی حکومت عوام کو صحت کی سہولیات کی فراہمی کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لارہی ہے، حیات کاکڑ

ٹی بی کنٹرول پروگرام بلوچستان میں ٹی بی کی تشخیص اور مریضوں کو علاج معالجے کیلئے بہتر سہولیات فراہم کررہا ہے

کوئٹہ (این این آئی) اسپیشل سیکرٹری ہیلتھ حیات کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت عوام کو صحت کی سہولیات کی فراہمی کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لارہی ہے، ٹی بی کنٹرول پروگرام بلوچستان میں ٹی بی کی تشخیص اور مریضوں کو علاج معالجے کیلئے بہتر سہولیات فراہم کررہا ہے۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کو انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ بلوچستان کوئٹہ کے کانفرنس ہال میں ٹی بی کنٹرول بقیہ نمبر67 صفحہ3 پر

موجودہ صوبائی حکومت پر عوام کا اعتماد مزید بڑھ چکا ہے، درچین مری

موجودہ صوبائی حکومت کی کارکردگی سے بہتر انداز سے مطمئن ہیں، سینئر رہنما بلوچستان عوامی

اوتھل (این این آئی) بلوچستان عوامی کی سینئر رہنما درچین مری نے کہا کہ موجودہ صوبائی حکومت عوام کے وسیع تر مفادات میں اقدامات کررہی ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان عالیانی کی قیادت میں بلوچستان بھر کے تمام اضلاع میں یکساں بنیادوں پر ترقیاتی عمل تیزی کے ساتھ جاری ہے جس کے ثمرات عوام کی دہلیز تک پہنچ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ صوبائی حکومت پر عوام کا اعتماد مزید بڑھ چکا ہے۔

گلگت بلتستان میں کامیابی کے بعد تحریک انصاف کا آزاد کشمیر کے انتخابات کی تیاریوں کا باضابطہ آغاز

آزاد کشمیر میں سیاسی شخصیات کی تحریک انصاف میں شمولیت کی نگرانی کیلئے 5 رکنی کمیٹی قائم کردی گئی

گلگت (این این آئی) گلگت بلتستان میں کامیابی کے بعد تحریک انصاف نے آزاد کشمیر کے انتخابات کی تیاریوں کا باضابطہ آغاز کردیا، آزاد کشمیر میں سیاسی شخصیات کی تحریک انصاف میں شمولیت کی نگرانی کیلئے 5 رکنی کمیٹی قائم کردی گئی، مرکزی سینئر نائب صدر ارشد داد کو کمیٹی کے سربراہ مقرر کردیا گیا وفاقی وزیر برائے امور کشمیر وگلگت بلتستان علی امین گنڈاپور اور تحریک انصاف آزاد بقیہ نمبر70 صفحہ3 پر

اوتھل' ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو ڈاکٹر جمیل احمد بلوچ ودیگر ورلڈ فوڈ پروگرام کے تحت مستحق افراد میں رقم تقسیم کررہے ہیں